عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
جلد نمبر 21 | بروز ہفتہ 19 ستمبر 2026ء/ 6 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 171

کوہاٹ، پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران دھماکا، 16 افراد شہید، 57 زخمی

دھماکے کے بعد ایک خودکش حملہ آور نے سپیشل برانچ بلڈنگ کے قریب خود کو دھماکے سے اڑایا، ادھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکار بھی شہید ہو گئے

فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا، خیبر پختونخوا پولیس کے حوصلے بلند ہیں، دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، آئی ایس پی آر

کوہاٹ (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پشاور روڈ پر پرانی پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد شہید ہو گئے جب کہ دھماکے میں 57 افراد زخمی ہیں۔ پولیس ذرائع نے کہا کہ دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد شہید ہو گئے جب کہ دھماکے میں 57 افراد زخمی ہیں۔ ترجمان ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا ابلال احمد فیضی نے کہا کہ پرانی پولیس (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

باب المندب میں کشیدگی بڑھ گئی، اٹلی نے جنگی بحری جہاز بھیجنے کا اعلان کر دیا

حوثیوں کی کارروائیوں کے باعث بحیرہ احمر اور باب المندب میں تجارتی جہازوں کی سکیورٹی پر خدشات بڑھ گئے

روم (جی این ایم) اٹلی نے بحیرہ احمر کے اہم بحری راستے باب المندب سے گزرنے والے تجارتی جہازوں کے تحفظ کے لیے جنگی بحری جہاز بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ الجزیرہ کے مطابق اٹلی کے وزیر دفاع گائیڈو کروسیتو نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کا مطالبہ، ایم کیو ایم نے خط لکھ دیا

خط کی کاپی وفاقی وزیر خزانہ، آئی ایم ایف سربراہ اور ورلڈ بینک صدر کو بھی ارسال کی گئی

کراچی (جی این ایم) ایم کیو ایم پاکستان نے وزیراعظم شہباز شریف کو مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کے مطالبہ کا خط لکھ دیا۔ خط متحدہ قومی موومنٹ کی رہنما نسرین جلیل کی جانب سے لکھا گیا ہے، خط کی کاپی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

مشرق وسطی میں جنگ کے باوجود تیل سستا، قیمتیں ایک فیصد مزید گر گئیں

امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 1.03 ڈالر کمی کے بعد 100.88 ڈالر فی بیرل پر آ گیا

نیویارک (جی این ایم) مشرق وسطی سے تیل کی سپلائی میں بڑی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

دفاع، امن و سلامتی کیلئے جانوں کا نذرانہ بہادر جوان پوری قوم کے ہیرو ہیں، صدر، وزیراعظم

شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کے عزم اور حوصلے کو مزید مضبوط کرتی ہیں، بہادر سپوت وطن کے دفاع اور امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں

شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کے لیے مشعلِ راہ ہیں اور ان کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا، آصف علی زرداری، شہباز شریف

اسلام آباد (جی این ایم) صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیرِ اعظم شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں صدر مملکت نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

کراچی؛ سرجانی میں ماں اور تین بچوں کا قاتل پولیس مقابلے میں ہلاک

ملزم کو آلہ قتل کی برآمدگی کے لیے لے گئے تھے جہاں ملزم نے پولیس اہلکار کا پسٹل نکال کر فائرنگ کی، ایس ایس پی

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں ماں اور تین بچوں کو بے دردی سے قتل کرنے والا ملزم آلہ قتل کی برآمدگی کے دوران پولیس سے فائرنگ کے تبادلے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)



اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کوئی اسلام آباد آئیگا تو توہین عدالت کی کارروائی کرینگے، محسن نقوی

لیڈر شپ سے درخواست کروں گا اپنے شہر میں احتجاج کریں، کسی شہر کو بند یا کسی صوبے پر جا کر حملہ نہیں ہو سکتا، وفاقی وزیر داخلہ

ایک طرف دہشت گردی بڑھ رہی ہے، وزیراعلی خیبر پختونخوا مارچ کے بجائے دہشت گردی کے خلاف جنگ پر توجہ دیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کوئی اسلام آباد آئیگا تو توہین عدالت کی کارروائی کریں گے۔ وفاقی دارالحکومت میں طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا تفصیلی فیصلہ آ چکا ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

حکومتی معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات آئندہ ہفتے ہونے کا امکان

توانائی اصلاحات، نجکاری اور گردشی قرض سیٹلمنٹ پلان پر آئی ایم ایف کو بریفنگ دی جائیگی

اسلام آباد (جی این ایم) حکومتی معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات آئندہ ہفتے ہونے کا امکان ہے جس دوران توانائی اصلاحات، نجکاری اور بجلی و گیس کے گردشی قرض سیٹلمنٹ پلان پر بریفنگ دی جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق بجلی کی بنیادی قیمتوں (باقی صفحہ 2 نمبر 6)


کوئٹہ، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (GIK) میں ڈیجیٹل ڈیزائن اینڈ ویریفیکیشن ٹریننگ پروگرام 2026 کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سعودی عرب کے دفاع کیلئے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا

ڈی جی آئی ایس پی آر

یہ دونوں ملکوں کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے دونوں ملکوں کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے، عرب ٹی وی کو انٹرویو

راولپنڈی (جی این ایم) ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کا دفاع کرنے کے لیے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا ۔عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، حرمین شریفین کی حفاظت کے لیے وہاں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ سعودی عرب کی سیکیورٹی کے لیے ہمارا عزم غیر مشروط ہے، یہ دونوں ملکوں کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کا دفاع کرنے کے لیے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا۔ اس سے قبل ایک اور انٹرویو میں مکہ معاہدے کے کسی ایک فریق پر حملے پر پاکستان کے ردعمل سے متعلق سوال پر ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا تھا کہ دفاعی وعدوں پر عمل درآمد کے طریقہ کار کو کبھی بھی عوامی سطح پر ظاہر نہیں کیا جاتا، کسی حملے کا ردعمل کیا ہوگا (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

خیبر پختونخوا و بلوچستان میں کارروائیاں، 17 دہشت گرد مارے گئے، 6 جوان شہید

سکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، مزید 7 دہشت گرد مارے گئے بھاری تعداد میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد

شمالی وزیرستان میں شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 6 خوارج کو ہلاک کر دیا، ہنگو میں ایک اور جھڑپ کے دوران 4 خوارج مارے گئے 17 ستمبر کو فورسز کے قافلے پر بارودی سرنگ سے دھماکا کیا گیا

کوئٹہ (جی این ایم) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی مختلف کارروائیوں کے دوران 17 دہشت گرد مارے گئے جبکہ فورسز کے 6 جوان شہید ہو گئے۔ سکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، مزید 7 دہشت گرد مارے گئے۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ پنجگور کے علاقے فتح علی میں سکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کے 5 دہشت (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

پاکستان کا اقوام متحدہ میں اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی اقدام کا مطالبہ

اقوام متحدہ (جی این ایم) پاکستان نے اسلاموفوبیا کو نفرت انگیز تقاریر کی شدید ترین شکلوں میں سے ایک قرار دیتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

ہرنائی شاہرگ کوئلہ کان میں گیس دھماکہ، 4 کانکن جاں بحق

حادثے کے وقت کان میں 9 کانکن موجود تھے، امدادی کارروائی کے دوران 4 کانکنوں کی لاشیں نکال لی گئیں زخمی افراد کوئٹہ ریفر

جاں بحق کانکنوں کا تعلق سوات سے ہے اور لاشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی ہیں، فضاء سوگوار

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے علاقے ہرنائی میں شاہرگ کے مقام پر پی ایم ڈی سی کول مائن 151 میں گیس دھماکے کے نتیجے میں 4 کانکن جاں بحق جبکہ 5 شدید زخمی (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

سعودی قیادت میں یمنی فورسز کا انصار اللہ کے 30 جنگجوؤں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

ریاض (جی این ایم) سعودی قیادت میں یمنی فورسز نے 24 گھنٹوں کے دوران انصار اللہ کے 30 جنگجوؤں کو ہلاک اور 60 کو زخمی کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ترک خبر ایجنسی (باقی صفحہ 2 نمبر 28)



لندن، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پائیدار امن کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں، وزیر خارجہ

پاکستان ترکیہ کے ساتھ ترجیحی شعبوں میں تعاون مزید گہرا کرنے کیلئے پرعزم ہے، نائب وزیراعظم

برطانیہ میں طے ہوئی مفاہمتوں پر عملدرآمد، مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائیگا، اسحاق ڈار کی ترک سفیر اور برطانوی ہائی کمشنر سے ملاقاتوں میں بات چیت

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ترکیہ کے سفیر اور برطانوی ہائی کمشنر نے ملاقاتیں کیں جن میں خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا دفتر خارجہ کے مطابق ترکیہ کے سفیر عرفان سے خطے کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ مسائل کے حل اور پائیدار امن کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق ملاقات کر رہی ہیں



کوئٹہ، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگوی اے او (پی پی اے ایف) نادرگل بڑیچ شیلڈ دے رہے ہیں

دارالامان نصیر آباد کے منظور شدہ فنڈز میں خرد برد کا انکشاف

تعمیراتی کام کی صورتحال تسلی بخش نہیں، جبکہ عمارت کے بعض تعمیراتی کام تاحال مکمل نہ ہو سکی

تمبو (جی این ایم) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام دارالامان نصیر آباد ایک حساس نوعیت کی عمارت ہے، تاہم ذرائع کے مطابق یہاں غیر متعلقہ افراد کی مبینہ انوالومنٹ اور تعمیراتی کاموں میں مبینہ بے ضابطگیو ں کے حوالے سے مختلف سوالات سامنے آ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق جون 2025 میں دارالامان نصیر آباد میں تعمیراتی و مرمتی کام کرایا گیا، جس کی موجودہ صورتحال (باقی صفحہ 2 نمبر 19)


کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق ملاقات کر رہی ہیں

سینیٹر روبینہ خالد کی کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے کی مذمت

دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو فوری اور بہترین طبی امداد فراہم کی جائے، چیئرپرسن بی آئی ایس پی

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے پر گہری تشویش اور افسوس ہے ۔سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو فوری اور بہترین طبی امداد فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جمعہ کے مقدس روز انسانی جانوں کو نشانہ بنانا انتہائی (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

کوئٹہ، کنفرم ٹکٹ کے باوجود فلائٹ وقت سے پہلے روانہ، مسافر شدید پریشان

فلائی جناح کے خلاف مسافروں کا شدید احتجاج، بیرونِ ملک پروازیں بھی مس ہو گئیں

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ سے اسلام آباد جانے والی فلائی جناح کی پرواز کے مسافروں نے شکایت کی ہے کہ کنفرم ٹکٹ اور مقررہ روانگی کا وقت 12 بج کر 25 منٹ دیے جانے کے باوجود مسافروں کے ایئرپورٹ پہنچنے پر انہیں بتایا گیا کہ پرواز ساڑھے 10 بجے ہی روانہ ہو چکی ہے، جس کے باعث متعدد مسافر شدید پریشانی کا شکار ہو گئے۔ متاثرہ مسافروں کے مطابق انہوں نے فلائی جناح کی پرواز کے لیے کنفرم ٹکٹ حاصل کیے تھے اور ٹکٹ پر روانگی کا وقت 12:25 (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

وفاقی وزیر ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی کو سی ای او (پی پی اے ایف) نادرگل بڑیچ شیلڈ دے رہے ہیں

انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ (IAB) کو مضبوط بنانے کی خاطر جامع ایس او پی جاری

ایس پیز ایس آئی او اور اس سے اوپر کے افسران کے خلاف کرپشن انکوائریاں براہ راست خود کریں گے

کوئٹہ (جی این ایم) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کے لیے انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ (IAB) کو مضبوط بنانے کی خاطر جامع ایس او پی جاری کر دی ہے۔ ایس او پی کے تحت IAB کو ایک بااختیار اور فیصلہ کن احتسابی فورم کے طور پر فعال کیا گیا ہے، ڈی آئی جی IAB صوبہ بھر سے موصولہ شکایات کا (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

مکہ مکرمہ کی حرمت کسی ریاست یا حکومت کی عطا کردہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حرمت ہے، جمعیت علماء اسلام

مکہ مکرمہ پر حملے کی کوئی بھی کوشش پوری مسلم دنیا کے جذبات کو شدید مجروح کرنے اور خطے کو آگ و خون کی لپیٹ میں لانے کے مترادف ہوگی

کوئٹہ ( ) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ کی حرمت کسی ریاست یا حکومت کی عطا کردہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حرمت ہے، جس کی پاسداری پوری (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

اب 20 سال پرانے رجسٹرڈ موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم
موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کیلئے
ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

ایس ایم ایس کے کوئی چارجز نہیں ہیں

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کیلئے
ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر بچت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی



REG لکھ کر space دیں
STEP-1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر — 3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں
STEP-2 بغیر space کے نمبر پلیٹ — LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں
STEP-3 صوبے کے نام کا پہلا حرف — جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے — صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں
STEP-4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ — بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY — دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:
STEP-1 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP-2 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی
STEP-3 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف
اسلام آباد I آزاد جموں و کشمیر A گلگت بلتستان G
سندھ S پنجاب P خیبر پختونخوا K بلوچستان B

مزید رہنمائی کیلئے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں

وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
/Govtof Pakistan

URAAN PAKISTAN

PID (I) 2682-D/26

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد عرفان
ISSN 2788-4619
DD/27/283

ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

ایڈیٹر اسرار محمد کھیتران و پبلشر شاہ زمان نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ آفس نمبر 208، اور نیل پلازہ، ایم ایف جناح روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا۔
موبائل: 03327865820/03136826208

ڈیلرز مارجن میں اضافے کے بعد تیل کمپنیاں

ڈیلرز مارجن بڑھنے کے بعد تیل کمپنیوں نے بھی اپنے مارجن میں اضافے کا مطالبہ کر دیا، اوگی اسی سے نے اوگرا سے خط لکھ کر 66 ارب روپے کے زیرالتوا پرائس کلیمز اور مارجن پر فوری عملدرآمد کی درخواست کر دی۔ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے اپنے مارجن میں اضافے پر عملدرآمد کے لیے اوگرا سے رجوع کر لیا، اوگی اسی سے نے خط میں 66 ارب روپے کے زیرالتوا پرائس کلیمز اور مارجن کا معاملہ فوری حل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اوگی اسی سے کے مطابق مارچ دو ہزار چھبیس سے تیل کمپنیوں کے کلیمز زیرالتوا ہیں، یہ رقم پیٹرول کے پانچ درآمدی کارگو زکے برابر ہے، زیرالتوا کلیمز کا تصدیق عمل جلد مکمل کر کے واجبات ادا کیے جائیں۔ اوگی اسی سے کا کہنا ہے کہ تیل کمپنیوں کے مارجن میں ستمبر 2023 میں اضافہ کیا گیا تھا، جبکہ اگست میں ڈیلرز مارجن میں ایک روپے 34 پیسے فی لیٹر اضافہ ہوا، تاہم کمپنیوں کے مارجن میں ایک روپے 22 پیسے اضافے پر عملدرآمد تاحال زیرالتوا ہے۔ اوگی اسی سے نے ایوایم سی مارجن میں اضافے پر فوری عملدرآمد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیاں شدید مالی دباؤ کا شکار ہیں، خطے کی کشیدہ صورتحال کے باعث سپلائی چین کے مسائل بھی درپیش ہیں۔ خط میں خبردار کیا گیا کہ مخدوش مالی صورتحال کے باعث آئل انڈسٹری سپلائی چین متاثر ہونے کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

وزیراعظم کی خصوصی ایندھن ریلیف اسکیم

عوام کی سہولت | معیشت کی مضبوطی | روشن پاکستان

عوام کی زندگی میں آسانی
معیشت کو مضبوط بنانا
ٹرانسپورٹ کے شعبہ کو بڑھتی سہولت
عوام کے لیے کم قیمت پر ایندھن

بہتر کل کے لیے آج کا اقدام

خصوصی رپورٹ

بات چیت کیا ہم نکات

1۔ خطاب کے شروع میں وزیراعظم کی تعریف

۔ وزیراعظم نے ایک بار پھر عام شہریوں کی فلاح و بہبود کو اپنی حکومت کے ایجنڈے میں مرکزی حیثیت دیتے ہوئے ایندھن ریلیف اسکیم شروع کی ہے

۔ یہ اقدام عوام کی فلاح و بہبود کے لیے وزیراعظم کے غیر متزلزل عزم کا واضح مظہر ہے، خصوصاً ایسے اہم وقت میں جب مشرق وسطیٰ میں جو بحران جاری ہے اس بحران کے باعث تیل کی عالمی منڈیوں پر دباؤ برقرار ہے۔

۔ وزیراعظم کی جانب سے اسکیم کا ذاتی طور پر اعلان اور اس کی براہ راست نگرانی کی جارہی ہے جس سے اس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ عوامی فلاح اس حکومت کے لیے محض ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک عملی ترجیح ہے۔

۔ یہ اقدام وزیراعظم کے وسیع تر وژن، یعنی ایک ہمدرد اور عوام دوست ریاست، کا تسلسل ہے جس نے بیرونی عوامل کے باعث پیدا ہونے والے معاشی دباؤ سے عام شہریوں کے گھریلو بجٹ کو محفوظ رکھنے کے لیے فوری اقدامات کیے ہیں

2۔ اسکیم کا اجراء ۔۔۔ تین مراحل *

۔۔۔ مرحلہ اول ۔۔۔ رجسٹریشن:** یکم بھر میں ایس ایم ایس کے ذریعے رجسٹریشن کھول دی گئی ہے۔ رجسٹریشن صرف ایک مرتبہ کرنا ہوگی۔

۔۔۔ مرحلہ دوم ۔۔۔ کوپن کی اجرا اور استعمال (صرف اسلام آباد):** یہ سہولت اسلام آباد اور راولپنڈی کی حدود میں پیر اور منگل کی درمیانی شب، یعنی 14 * اور 15 ستمبر 2026 سے فعال ہوگی ہے۔

۔۔۔ مرحلہ سوم ۔۔۔ ملک گیر توسیع:** یہ

۔ شہری کسی بھی وقت رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ اپنے علاقے میں سہولت فعال ہوتے ہی وہ خود کار طور پر کوپن کے لیے اہل ہو جائیں گے۔

**اب اس اسکیم پر ملک بھر میں کامیابی کے ساتھ عمل درآمد کیا جارہا ہے

3۔ اہلیت*

یہ اسکیم درج ذیل گاڑیوں کے مالکان کے لیے ہے:

۔ موٹر سائیکلیں، رکشے اور چنگ چی، جو **یکم جنوری 2011 یا اس کے بعد** رجسٹرڈ ہوئے ہوں۔

800 سی سی تک کی موٹر کاریں، جو **یکم جنوری 2006 یا اس کے بعد** رجسٹرڈ ہوئی ہوں۔

۔ اس اسکیم کا مقصد معاشرے کے زیادہ مستحق اور ضرورت مند طبقے تک ریلیف پہنچانا ہے۔

مفادات کو ترجیحی بنیادوں پر اپنائے۔ پاکستان میں دہشت گردی کا ناسور ایک ایسی شکل میں پھیلتا جارہا ہے۔ قومی و عسکری املاک پر حملے ہو رہے ہیں۔ جوان اور افیسر شہادتیں پیش کررہے ہیں۔ ملک و

بحیثیت ایک قوم

ہے اس میں وہ اپنی استعداد کے مطابق بھرپور کردار ادا کرے۔ قومی وحدت قومی یکجہتی کے ساتھ اپنے اداروں کے شانہ بشانہ رہ کر ملک کو قومی اداروں کی مضبوطی میں اپنا کردار ادا کرے۔ مشکل حالات کا ڈٹ کر ملک کو درپیش چیلنجز اور بحرانوں کے خاتمے کے لیے اپنا متعدد کردار سامنے لائے۔ بحیثیت قوم اور بحیثیت پاکستانی ہر حیثیت سے ہمارے اوپر بڑی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے کہ وہ جس طبقے سے تعلق رکھتا ہے، فکر سے تعلق رکھتا ہے، جس شعبے سے تعلق رکھتا ہے، ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ ملک کو مضبوط بنانے کے لیے ہر پاکستانی کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ پاکستان ایک سخت ترین دور سے گزر رہا ہے۔ بحیثیت قوم اور بحیثیت پاکستانی ہر حیثیت سے ہمارے اوپر بڑی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے۔ ملک کو قوم کی اور قوم کو ملک کی ضرورت ہے۔ پاکستان میں سرگرم دہشت گرد تنظیموں ان کی پراکسیز اور بحران کے خاتمے کے لیے اپنا متعدد کردار ادا کرے۔ دشمن سوشل میڈیا کو کانٹر کر کے جھوٹے بیانیوں اور پروپیگنڈوں کی نفی کریں اور قومی بیانیے کو پروموٹ کریں۔ پاکستان کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدات کے تحفظ کے لیے پرعزم ہو۔ ریاستی عملداری کو برقرار رکھنے کے لیے قومی تعاون سے زمہ دارانہ کردار ہو۔ تبھی ہم بنائے۔ ملک کو قوم کی اور قوم کو ملک کی ضرورت ہے۔ پاکستان میں سرگرم دہشت گرد تنظیموں ان کی پراکسیز اور بحرانوں کے خاتمے کے لیے اپنا متعدد کردار ادا کرے۔ مشکل حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا ہوگا۔ ہمارے اوپر بڑی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے۔ ملک کو قوم کی اور قوم کو ملک کی ضرورت ہے۔ پاکستان میں سرگرم دہشت گرد تنظیموں ان کی پراکسیز اور بحرانوں کے خاتمے کے لیے اپنا متعدد کردار ادا کرے۔ مشکل حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا ہوگا۔ ہمارے اوپر بڑی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے۔ ملک کو قوم کی اور قوم کو ملک کی ضرورت ہے۔

ازقلم:۔ غلام رسول بلوچ

قوم کو باہمی اتحاد کا سامنا ہے جس میں دشمن قوتیں پاکستان کے خلاف اور پاکستان کے قومی اداروں کے خلاف جھوٹے بیانیے اور منفی پروپیگنڈے کو بطور ہتھیار استعمال کر رہی ہیں۔ بلوچستان اور کے پی میں دہشت گردی کا ناسور ایک شکل میں دہشت گردی کا ناسور ایک شکل میں پھیلتا جارہا ہے۔ قومی و عسکری املاک پر حملے ہو رہے ہیں۔ جوان اور افیسر شہادتیں پیش کررہے ہیں۔ ملک و

اگر مجموعی حالات کا جائزہ لیا جائے تو پاکستان ایک مشکل دور سے گزر رہا ہے اس میں خطے کے حالات سیت ملک کے اندرونی معاملات ایک پیچیدگی صورتحال پیش کررہے ہیں۔ بلاشبہ قوم کو درپیش چیلنجز اور بحران سنگین نوعیت کے ہیں۔ لیکن ان تمام تر حالات سے باوجود قوم کے زمہ داریاں بھی ہوتی ہیں جنہیں ہم بطور قوم ادا کرنا ہے یہ ایک سوالیہ نشان ہے۔ اس وقت ملک کو ایک ایسی قوم کی ضرورت ہے جو تمام تر ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر ملکی

خصوصی رپورٹ

**9771 پر درج ذیل فارمیٹ میں ایس ایم ایس بھیجیں:

REG` رجسٹر لکھ کر سپیس دیں اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر اور بغیر سپیس کے ضرر پلیٹ لکھیں صوبے کے نام کا پہلا حرف لکھیں۔

Date Registration یعنی:

CNIC ** REG

گاڑی کا رجسٹریشن نمبر۔

گاڑی کے رجسٹرڈ صوبے کا پہلا حرف گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ**

رجسٹریشن صرف * ایک مرتبہ ** کرنا ہوگی۔

*کوپن کا حصول

پٹرول پمپ جانے سے پہلے کوپن حاصل کریں۔ کوپن حاصل کرنے کے لیے*9771** پر:

800 سی سی تک کی موٹر کاروں کے لیے:**ماہانہ30** لیٹر** پٹرول۔

-ہر کوپن 10** لیٹر**

-کوپن کی میعاد 10** دن**

-ہر 10 دن میں ایک کوپن

-فی لیٹر رعایت 100** روپے*

-موٹر سائیکل/رکشہ: فی کوپن 500** روپے** کی رعایت

-کارز فی کوپن 1,000** روپے کی رعایت

6۔ **وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن کا خصوصی کنٹرول روم** قائم کیا گیا ہے، جو چوبیس گھنٹے کام کر رہا ہے۔ اس میں تمام متعلقہ اداروں کے نمائندے موجود ہیں۔

وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن نے اسکیم کا مکمل ڈیجیٹل نظام تیار کیا ہے، جس میں:

-ایس ایم ایس رجسٹریشن

-کوپن کا اجرا

- پٹرول پمپ پر کوپن کی تصدیق شامل ہیں۔

وزارت نے ایسا نظام تیار کیا ہے جو ملک بھر سے آنے والی ایس ایم ایس ٹریفک کو قابل اعتماد انداز میں سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ قومی شناختی کارڈ سے منسلک رجسٹریشن کے ذریعے دہری رجسٹریشن اور ممکنہ غلط استعمال کی روک تھام کو یقینی بنایا گیا ہے۔

وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن نے درج ذیل اداروں کے ساتھ قریبی اور مربوط تعاون سے کام کیا:

- وزارت خزانہ

- پٹرولیم ڈویژن

- اوگرا (OGRA)

- پی ٹی اے (PTA)

- پی ڈی اے (PDA)

- اسٹیٹ بینک

- ضلعی انتظامیہ

- این ٹی سی پی (NITB)

- نادرا

- ٹیلی کام آپریٹرز

حکومت کے تمام متعلقہ اداروں کے اس مربوط تعاون نے اسکیم کے مرحلہ وار، ہموار اور شفاف اجراء کو ممکن بنایا ہے، جس سے ممکنہ بے ضابطگیوں کی روک تھام کرنے میں مدد ملی ہے۔

شہریوں کے لیے سہولت کو یقینی بنانے اور کسی بھی مشکل سے بچنے کے لیے وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن میں ایک *** مخصوص کنٹرول روم ** قائم کیا گیا ہے، جو چوبیس گھنٹے کام کر رہا ہے۔ اس میں تمام متعلقہ اداروں کے نمائندے موجود ہیں۔

متعلقہ نیمیں نظام کی طرف بہ لحہ نگرانی کر رہی ہیں اور موصول ہونے والی شکایات یا کسی مسائل کو فوری ازالہ کر رہی ہیں، تاکہ کسی بھی شہری کو غیر ضروری انتظار کا سامنا نہ کرنا پڑے اور اسکیم کے ذریعے وزیراعظم کے فوری اور شفاف ریلیف کے وعدے کو مؤثر انداز میں پورا کیا جاسکے۔

* رابطہ اور ہیلپ لائن*

-شہریوں کے لیے: ہیلپ لائن 9771 لائن: 9772

- ** واٹس ایپ بوٹ: ** 923498041526

چند اہم ہدایات

- جس سم سے رجسٹریشن کی جارہی ہے، وہ ای*CNIC** پر رجسٹرڈ ہونی چاہیے

جس پر گاڑی کی رجسٹریشن/شناختی معلومات درج ہوں۔

- صوبے سے مراد وہ صوبہ ہے جہاں گاڑی رجسٹرڈ ہے۔

- گاڑی کے رجسٹریشن نمبر میں کوئی اسپیس نہیں دینی۔

☆☆☆☆

4۔ اسکیم کا نظام کیسے کام کرتا ہے — آسان طریقہ

ایک مرتبہ رجسٹریشن کریں

آپ کو ایس ایم ایس کے ذریعے درج ذیل معلومات فراہم کی جائیں گی:

-ہر کوپن 10** لیٹر**

-کوپن کی میعاد 10** دن**

-ہر 10 دن میں ایک کوپن

-فی لیٹر رعایت 100** روپے*

- موٹر سائیکل/رکشہ: فی کوپن 500** روپے** کی رعایت

-کارز فی کوپن 1,000** روپے کی رعایت

6۔ **وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن کا خصوصی کنٹرول روم** قائم کیا گیا ہے، جو چوبیس گھنٹے کام کر رہا ہے۔ اس میں تمام متعلقہ اداروں کے نمائندے موجود ہیں۔

وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن نے اسکیم کا مکمل و ڈیجیٹل نظام تیار کیا ہے، جس میں:

-ایس ایم ایس رجسٹریشن

-کوپن کا اجرا

- پٹرول پمپ پر کوپن کی تصدیق شامل ہیں۔

وزارت نے ایسا نظام تیار کیا ہے جو ملک بھر سے آنے والی ایس ایم ایس ٹریفک کو قابل اعتماد انداز میں سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ قومی شناختی کارڈ سے منسلک رجسٹریشن کے ذریعے دہری رجسٹریشن اور ممکنہ غلط استعمال کی روک تھام کو یقینی بنایا گیا ہے۔

وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن نے درج ذیل اداروں کے ساتھ قریبی اور مربوط تعاون سے کام کیا:

- وزارت خزانہ

- پٹرولیم ڈویژن

- اوگرا (OGRA)

- پی ٹی اے (PTA)

- پی ڈی اے (PDA)

- اسٹیٹ بینک

- ضلعی انتظامیہ

- این ٹی سی پی (NITB)

- نادرا

- ٹیلی کام آپریٹرز

حکومت کے تمام متعلقہ اداروں کے اس مربوط تعاون نے اسکیم کے مرحلہ وار، ہموار اور شفاف اجراء کو ممکن بنایا ہے، جس سے ممکنہ بے ضابطگیوں کی روک تھام کرنے میں مدد ملی ہے۔

شہریوں کے لیے سہولت کو یقینی بنانے اور کسی بھی مشکل سے بچنے کے لیے وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن میں ایک *** مخصوص کنٹرول روم ** قائم کیا گیا ہے، جو چوبیس گھنٹے کام کر رہا ہے۔ اس میں تمام متعلقہ اداروں کے نمائندے موجود ہیں۔

متعلقہ نیمیں نظام کی طرف بہ لحہ نگرانی کر رہی ہیں اور موصول ہونے والی شکایات یا کسی مسائل کو فوری ازالہ کر رہی ہیں، تاکہ کسی بھی شہری کو غیر ضروری انتظار کا سامنا نہ کرنا پڑے اور اسکیم کے ذریعے وزیراعظم کے فوری اور شفاف ریلیف کے وعدے کو مؤثر انداز میں پورا کیا جاسکے۔

* رابطہ اور ہیلپ لائن*

-شہریوں کے لیے: ہیلپ لائن 9771 لائن: 9772

- ** واٹس ایپ بوٹ: ** 923498041526

چند اہم ہدایات

- جس سم سے رجسٹریشن کی جارہی ہے، وہ ای*CNIC** پر رجسٹرڈ ہونی چاہیے

جس پر گاڑی کی رجسٹریشن/شناختی معلومات درج ہوں۔

- صوبے سے مراد وہ صوبہ ہے جہاں گاڑی رجسٹرڈ ہے۔

- گاڑی کے رجسٹریشن نمبر میں کوئی اسپیس نہیں دینی۔

☆☆☆☆

(01)

رکاوٹ ڈالنے کی امید کے باعث مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں مستحکم رہیں، روپے کی قدر میں معمولی کمی ہوئی، تاہم خام تیل کی قیمت اب بھی 100 ڈالر فی بیرل سے اوپر ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جنگ کا دوسرا ہفتہ شروع ہونے پر برینٹ خام تیل کی قیمت 101.01 اور امریکی ایکسچینج کے ڈبلیو ٹی آئی خام تیل کی قیمت 103.7 ڈالر فی بیرل ہوگئی، پیٹرول کی پانچ درآمدی کارگو زکے برابر ہے، زیرالتوا کلیمز کا تصدیق عمل جلد مکمل کر کے واجبات ادا کیے جائیں۔ اوگی اسی سے کا کہنا ہے کہ تیل کمپنیوں کے مارجن میں ستمبر 2023 میں اضافہ کیا گیا تھا، جبکہ اگست میں ڈیلرز مارجن میں ایک روپے 34 پیسے فی لیٹر اضافہ ہوا، تاہم کمپنیوں کے مارجن میں ایک روپے 22 پیسے اضافے پر عملدرآمد تاحال زیرالتوا ہے۔ اوگی اسی سے نے ایوایم سی مارجن میں اضافے پر فوری عملدرآمد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیاں شدید مالی دباؤ کا شکار ہیں، خطے کی کشیدہ صورتحال کے باعث سپلائی چین کے مسائل بھی درپیش ہیں۔ خط میں خبردار کیا گیا کہ مخدوش مالی صورتحال کے باعث آئل انڈسٹری سپلائی چین متاثر ہونے کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

(02)

وفاقی وزیرخزانہ/اوگی اے آئی ایف سربراہ اور دلدلد خیل صدر کو ارسال کی گئی ہے۔ وزیراعظم سے متاثی خصوصیوں کی مالی خودمختاری کے مطالبے کی زبردست حمایت کی گئی اور زور دیا گیا ہے کہ متاثی خصوصیوں کی مالی ضروریات کو خصوصی انتظامات کے تحت پورا کیا جائے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ مالی خودمختاری سے نہ ہونے کے باعث متاثی خصوصیوں کی ترقیاتی ضروریات پوری نہیں ہو پا رہیں، صوبوں کیلئے ایوایم سی مارجن میں اضافے کی زبردست حمایت کی گئی اور زور دیا گیا ہے کہ متاثی خصوصیوں کو مالی ضروریات پوری کرنے کیلئے ترقیاتی فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ متاثی خصوصیوں کی مالی خودمختاری کے بغیر ان کی ترقیاتی ضروریات پوری نہیں ہو پا رہیں، متاثی خصوصیوں کیلئے ترقیاتی فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ متاثی خصوصیوں کی مالی خودمختاری کے بغیر ان کی ترقیاتی ضروریات پوری نہیں ہو پا رہیں، متاثی خصوصیوں کیلئے ترقیاتی فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

(03)

ڈی جی خان کی یونین کونسل کے مشترکہ فیصلے کا انتظار کیے بغیر تجارتی جہازوں کی حفاظت کے لیے اپنے جنگی جہاز تعینات کر دیے گئے۔ گائیڈڈ میزائل فریگیٹ شمشیر اور کارویٹ اصیل کے جہاز کراچی کے ساحلی علاقوں سے روانہ ہوئے۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق یہ اقدام خلیج فارس اور آبنائے ہرمز میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ بحریہ کے مطابق جہاز تجارتی قافلوں کی حفاظت کریں گے اور ضرورت پڑنے پر دشمن کے کسی بھی جارحانہ اقدام کا بھرپور جواب دیں گے۔ ترجمان کے مطابق بحریہ کے جہاز خلیج فارس اور بحیرہ عرب میں تجارتی جہازوں کی حفاظت کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں۔

(04)

آئندہ چند دنوں میں ملک بھر میں گیس کی لوڈشیڈنگ کے خدشے کا اظہار کیا جارہا ہے۔ ایسوسی ایشن آف پاکستان گیس یوٹیلٹیز کمپنیز کے مطابق گیس کی طلب 6 ارب مکعب فٹ یومیہ تک پہنچ گئی ہے جبکہ گیس کی پیداوار 4 ارب مکعب فٹ یومیہ ہے، جس کے باعث 2 ارب مکعب فٹ یومیہ کا شارٹ فال ہوگا۔ ایسوسی ایشن کے مطابق گیس کی طلب میں اضافہ گھریلو صارفین کی وجہ سے ہوا ہے، جو گیس کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود کم نہیں ہوئی۔ ایسوسی ایشن کے مطابق گیس کی طلب میں اضافہ گھریلو صارفین کی وجہ سے ہوا ہے، جو گیس کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود کم نہیں ہوئی۔

(05)

ایران کے ساتھ جنگ کے دوران پاکستان کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ایوان صنعت و تجارت بلوچستان کے مطابق ایران کے ساتھ تجارت بند ہونے سے صوبے کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ایوان صنعت و تجارت بلوچستان کے مطابق ایران کے ساتھ تجارت بند ہونے سے صوبے کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔

(06)

ایران کے ساتھ جنگ کے دوران پاکستان کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ایوان صنعت و تجارت بلوچستان کے مطابق ایران کے ساتھ تجارت بند ہونے سے صوبے کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ایوان صنعت و تجارت بلوچستان کے مطابق ایران کے ساتھ تجارت بند ہونے سے صوبے کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔

(07)

ایران کے ساتھ جنگ کے دوران پاکستان کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ایوان صنعت و تجارت بلوچستان کے مطابق ایران کے ساتھ تجارت بند ہونے سے صوبے کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ایوان صنعت و تجارت بلوچستان کے مطابق ایران کے ساتھ تجارت بند ہونے سے صوبے کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔

(08)

ایران کے ساتھ جنگ کے دوران پاکستان کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ایوان صنعت و تجارت بلوچستان کے مطابق ایران کے ساتھ تجارت بند ہونے سے صوبے کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ایوان صنعت و تجارت بلوچستان کے مطابق ایران کے ساتھ تجارت بند ہونے سے صوبے کی معیشت کو 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔

01

نے پاکستان انجینئرنگ کونسل سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے انجینئر خادم حسین کی درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ درخواست گزار کی جانب سے بیرسٹر عمر اعجاز گیلانی عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق رجسٹرار کی تعیناتی کے لیے جاری اشتہار 23 اگست 2026 کو جاری کیا گیا۔ تحریری حکم نامے کے مطابق وکیل درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ پی ای سی کے ملازمین کے تقرری، ترقی اور تبادلے کے قواعد 2020 رجسٹرار کی تعیناتی کے لیے اہلیت مقرر کرتے ہیں۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق قواعد کے تحت سینئر ایڈیشنل رجسٹرار کی دستیابی کی صورت میں اہل سینئر افسران میں سے کم از کم 3 نام سلیکشن بورڈ نے تجویز کرنے ہیں، درخواست گزار کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ پی ای سی ایکٹ اور قواعد میں رجسٹرار کی براہ راست تعیناتی کی گنجائش نہیں، جبکہ رجسٹرار کی تعیناتی کا اشتہار ایکٹ اور قواعد کی خلاف ورزی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے رجسٹرار کی تعیناتی کا عمل جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے حتمی احکامات جاری کرنے سے روک دیا اور پاکستان انجینئرنگ کونسل سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ عدالت نے کیس کی سماعت 29 ستمبر تک ملتوی کر دی۔

02

میں باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ عالمی سطح پر کثیر الجہتی نظام کا دفاع اور قانون کی حکمرانی کا احترام ضروری ہے، چین اور روس نے سلامتی کونسل کے سیاسی استعمال کو مسترد کرتے ہوئے قانون کی حکمرانی کے اصولوں کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی معاملات میں یک طرفہ طرز عمل کسی کے مفاد میں نہیں، جبکہ موجودہ حالات میں کثیر الجہتی نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، بین الاقوامی مسائل کے حل کیلئے طاقت اور دباؤ کے بجائے قانون، باہمی احترام اور کثیر الجہتی تعاون کو بنیاد بنایا جائے۔

03

فورس کی اصلاحات کے تحت ریلوے اور بندرگاہی انفرا اسٹرکچر بہتر بنا کر کارگو ترسیل مؤثر بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی کے منصوبے کے تحت 52 کلومیٹر طویل مخصوص ڈبل ٹریک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت 25 بڑے ریلوے و سڑکوں کے پل اور 6 فلائی اوورز گریڈ سیپریٹرز تعمیر کیے جائیں گے۔ منصوبے میں 100 فیصد حفاظتی باڑ اور حفاظتی انتظامات کے ساتھ جدید مرکزی خودکار سگنلنگ نظام بھی شامل ہے۔ 1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا۔ بندرگاہوں سے کنٹینرز ریلوے کے ذریعے لاجسٹکس پارک لا کر ٹریلرز سے اپ کنٹری بھیجے جائیں گے۔

04

کہ آئندہ فیصلہ کرنے سے پہلے وہ خلیجی ممالک کے رہنماؤں سے براہ راست ان کی رائے سننا چاہتے ہیں کیونکہ انھیں یہ طے کرنا ہے کہ آیا ایرانی حکومت کے خلاف دوبارہ بڑے حملے کیے جائیں یا نہیں۔ خیال رہے کہ ٹرمپ آئندہ ہفتے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر خلیج تعاون کونسل کے چھ ممالک، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، بحرین، کویت اور عمان، کے رہنماؤں یا اعلیٰ حکام سے ملاقات کرنے والے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق اس ملاقات میں ایران کے ساتھ جنگ کے اگلے مرحلے، خطے کی سیکیورٹی اور جنگ کے بعد کی امریکی حکمت عملی پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔ امریکی صدر نے کہا ہے کہ وہ فیصلہ کرنے سے قبل خلیجی اتحادیوں سے جاننا چاہتے ہیں کہ وہ موجودہ صورتحال کو کس طرح دیکھتے ہیں اور ان کے خدشات کیا ہیں۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو بھی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران ٹرمپ سے ملاقات کے خواہاں ہیں تاہم دونوں رہنماؤں کی ملاقات ابھی باضابطہ طور پر طے نہیں ہوئی۔ جب ٹرمپ سے نیتن یاہو سے ملاقات کے امکان کے بارے میں سوال کیا گیا تو امریکی صدر نے جواب دیا کہ ہوسکتا ہے۔

05

خارجہ کے مطابق مجوزہ فروخت سے سعودی عرب کی دفاعی صلاحیت بہتر ہوگی، اسے موجودہ اور مستقبل کے خطرات سے نمٹنے میں مدد ملے گی اور امریکی و اتحادی افواج کے ساتھ اس کی عسکری ہم آہنگی میں اضافہ ہوگا۔ معاہدے میں 48 ایف 35 طیاروں کے علاوہ 49 پراٹ اینڈ وٹنی ایف 135 انجن، مواصلاتی آلات، اسپیئر پارٹس، تربیتی اور لاجسٹک معاونت سمیت دیگر متعلقہ سامان بھی شامل ہے۔ امریکی حکومت کا کہنا ہے کہ مجوزہ فروخت سے خطے میں فوجی توازن تبدیل نہیں ہوگا۔ واشنگٹن کی دیرینہ پالیسی کے تحت اسرائیل کو خطے کے ممکنہ مخالفین کے مقابلے میں فوجی برتری برقرار رکھنے کی ضمانت دی جاتی رہی ہے۔

06

نے الہان عمر کے ترقی پسند سیاسی خیالات سے اختلاف کی وجہ سے حملہ کیا۔ یہ واقعہ جنوری میں اس وقت پیش آیا جب الہان عمر منیسوٹا میں ٹاؤن ہال اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے امیگریشن حکام کی کارروائیوں پر تنقید کر رہی تھیں۔ ملزم ہجوم میں سے اٹھا اور سرنج کے ذریعے ان پر سرکہ پھینک دیا تاہم سکیورٹی گارڈ نے فوری طور پر اسے قابو کر لیا اور الہان عمر نے اپنی تقریر جاری رکھی۔

07

ضروریہ میں سے 19 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی جبکہ 23 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں ڈیزل کی قیمت 7.29 فیصد، پیٹرول 6.40 فیصد اور ایل پی جی 3.26 فیصد مہنگی ہوئی۔ لہسن کی قیمت میں 1.94 فیصد اور انڈے 1.72 فیصد مہنگے ہوئے، جبکہ چنے کی دال، مسور، مونگ کی دال، ڈبل روٹی، سرسوں کا تیل اور مٹن کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ایک ہفتے میں کیلے 6.17 فیصد، ٹماٹر 5.66 فیصد، پیاز 4.57 فیصد اور مرغی 2.33 فیصد سستی ہوئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک سال کے دوران ایل پی جی 60.42 فیصد، ڈیزل 54.21 فیصد اور پیٹرول 48 فیصد مہنگا ہوا، کم آمدنی والے طبقے کیلئے بجلی کے نرخ 33.54 فیصد بڑھے۔ رپورٹ کے مطابق مرچ پاؤڈر 16.37 فیصد، مٹن 15.86 فیصد اور گائے کا گوشت 12.88 فیصد مہنگا ہوا، آٹا 33.27 فیصد مہنگا ہوا، جبکہ کیلے، ڈبل روٹی اور تازہ دودھ کی قیمتیں بھی گزشتہ سال کے مقابلے میں بڑھ گئیں۔ دوسری جانب آلو کی قیمت میں سالانہ بنیادوں پر 35.31 فیصد، چینی 20.95 فیصد، انڈے 19.31 فیصد اور مرغی کی قیمت میں 15.26 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، نمک، چنے کی دال، مسور اور مونگ کی دال بھی گزشتہ سال کے مقابلے میں سستی ہوئیں۔

08

نے کہا ہے کہ کسی ڈیل کے ذریعے ہوا یا نہیں مگر جیت امریکا کی ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران میں مہنگائی تین سو فیصد ہے، معیشت ایسے درجے پر ہے جو ایران نے کبھی دیکھی نہیں تھی۔

09

16 طیارے میں تربیتی مشن پر پرواز کر رہا تھا کہ اس دوران اسے حادثہ پیش آیا۔

10

فیصل خان جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے والدین اور معاشرے کے تمام طبقات کا تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ 21 سے 24 ستمبر کے دوران پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کا خاتمہ مشترکہ ذمہ داری ہے والدین اپنے بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو کے قطرے پلوا کر قومی ذمہ داری ادا کریں۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر امیر علی جمالی نے کہا کہ پیدائش سے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو ہر پولیو مہم میں ویکسین کے دو قطرے پلانا ضروری ہے۔ ورکشاپ میں کمیونٹی کمیونیکیشن آفیسر منصور حسین، ڈاکٹر شکیل احمد ڈی پی او ڈبلیو ایچ او اور ڈاکٹر ناصر کاکڑ این اسٹاپ نے پولیو مہم، ویکسینیشن اور ماحولیاتی نگرانی کے حوالے سے شرکاء کو بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ پولیو ویکسینیشن کا ہدف پانچ سال سے کم عمر تمام بچے ہیں۔ اس موقع پر ایم ایس ٹی ایچ کیو ڈاکٹر زین سلطان، ڈاکٹر احمد دین، پولیو پروگرام کے نمائندگان، مذہبی رہنماؤں اور معززین نے شرکت کی۔ پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح بھی کیا گیا جبکہ گزشتہ مہم کے دوران مشکلات کا سامنا کرنے والی خواتین پولیو ورکرز اور ڈاگ بائٹ کا شکار ہونے والے ورکرز میں تعریفی اسناد تقسیم کر کے ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

11

'جمعیت نظریاتی کے قاری مہر اللہ' شیعہ علماء کونسل کے مرکزی ممبر علامہ ہاشم موسوی نے جمعہ کے خطبات میں خطاب کرتے ہوئے کہا علماء کرام نے پشاور میں مسجد کے اندر ہونے والے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں نمازیوں اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک ہے۔ ایسے واقعات سے نہ صرف قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوتی ہیں بلکہ معاشرے میں خوف و اضطراب بھی پیدا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مساجد اللہ کے گھر اور مسلمانوں کے لیے عبادت و امن کے مراکز ہیں، ان کی حرمت پامال کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ علماء کرام نے شہداء کے لواحقین سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ علماء کرام نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور دیگر مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے پوری امت مسلمہ متحد ہے اور سعودی عرب کی سلامتی و استحکام کے ساتھ مسلمانوں کے جذبات وابستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں امت مسلمہ کو اتحاد، صبر، حکمت اور پرامن جدوجہد کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور مساجد سمیت تمام عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے ریاستی اداروں، علماء کرام اور عوام کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ پشاور کا واقعہ پوری قوم کے لیے باعث تشویش ہے اور ایسے واقعات کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔

12

یونٹس کے بدلے 186 ارب روپے کی ادائیگی کی گئی جبکہ نجی آئی پی پیز کو 49.8 ارب یونٹس کے عوض 1040 ارب روپے منتقل کیے گئے، جاری مالی سال میں آئی پی پیز کو کیپسٹی چارجز کی مد میں 1300 ارب روپے سے زائد کی ادائیگیاں کی گئیں۔ سینیٹ کو فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق تربیلا ہائیڈل پاور پروجیکٹ ملک کا سستا ترین ذریعہ ہے جہاں سے بجلی محض 2 روپے 70 پیسے فی یونٹ میں تیار کی جاتی ہے جبکہ منگلا ہائیڈل پاور پروجیکٹ سے 3 روپے 75 پیسے فی یونٹ اور تمام ڈیمز کی مجموعی اوسط لاگت 5 روپے 39 پیسے فی یونٹ ریکارڈ کی گئی۔ دستاویزات کے مطابق چشمہ ایٹمی بجلی گھر 6 روپے 76 پیسے اور مقامی تھر کوئلے سے 19 روپے 3 پیسے فی یونٹ میں بجلی فراہم کی گئی، جبکہ درآمدی کوئلے والے پلانٹس ساہیوال کول 34.17 اور پورٹ قاسم 32.16 روپے فی یونٹ پر پہنچ گئے ہیں۔

13

پیسے اضافہ ہوا ہے۔ ملک شہزاد نے کہا کہ پچھلے ایک ہفتے میں پیٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 20 روپے اضافہ کیا گیا۔ دوسری جانب گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھائے جانے سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ حکومت نے گزشتہ روز ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 47 پیسے اضافہ کیا ہے جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 424 روپے 92 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔

14

کے مطابق سرکاری اور مارکیٹ میں قیمتوں میں فرق پریشانی کا باعث ہے، دکانداروں کے مطابق ٹرانسپورٹ اخراجات میں اضافہ فرق کی وجہ ہے۔

15

کے تحفظ کے عزم کے ساتھ کھڑا ہے اور حرمین شریفین کے تقدس و تحفظ کے لیے کسی طور پیچھے نہیں رہے گا۔ افتخار علی ملک نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے انتہائی مقدس مقامات ہیں جن کا احترام اور تقدس ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی حصہ ہے، مقدس مقامات کو کسی بھی قسم کے خطرے سے دوچار کرنے کی کوشش پوری مسلم امہ کے جذبات کو مجروح کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات تاریخی، مذہبی اور عوامی بنیادوں پر قائم ہیں اور پاکستانی قوم سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعادہ کرتی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ مقدس مقامات کے تحفظ اور خطے میں امن و سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ افتخار علی ملک نے کہا کہ مسلم امہ کو ایسے واقعات کے خلاف متحد ہو کر واضح اور مضبوط موقف اختیار کرنا چاہیے۔

16

کہنا تھا کہ سب سے پہلے ایرانی حکومت کو شکست دیں گے، ہم اس کا تختہ الٹ دیں گے، یہ حکومت گر جائے گی پھر ہم حزب اللہ سے بھی نمٹیں گے اور وہ بھی ختم ہو جائے گی۔

17

پیش کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی نوجوان نسل کے روشن مستقبل کیلئے انتہائی اہم ہے۔ میڈم کشش چوہدری نے تعلیمی معیار میں مسلسل بہتری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے سکول انتظامیہ کو اپنی کاوشیں مزید مؤثر بنانے کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم معاشرتی ترقی اور معاشی خوشحالی کی بنیاد ہے، جبکہ تعلیم یافتہ اور ہنرمند نوجوان ہی کسی بھی معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ تعلیمی اداروں کی بہتری اور تعلیمی اقدامات کی بھرپور حمایت جاری رکھے گی اور درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ دورے کے اختتام پر اسسٹنٹ کمشنر نے سکول انتظامیہ کی تعلیمی خدمات کو قابل ستائش قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ادارہ مستقبل میں بھی طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور علاقے میں تعلیمی ترقی کے لیے اپنا کردار بھرپور انداز میں ادا کرتا رہے گا۔

18

کے شدید بحران کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ آئل انڈسٹری نے جغرافیائی حالات اور سپلائی روٹس کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے فوری اقدام کا مطالبہ کیا ہے۔ آئل ایڈوائزری کونسل اور آئل انڈسٹری نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ جغرافیائی حالات کے باعث ایسٹ ویسٹ پائپ لائن سمیت علاقائی سپلائی روٹس متاثر ہو سکتے ہیں۔ انڈسٹری کا کہنا تھا کہ حکام سے بار بار رابطوں کے باوجود مسائل کے حل کے لیے کوئی خاطر خواہ پیشرفت نہیں ہو سکی، جس سے صنعت کی مالی استعداد مسلسل کم ہو رہی ہے۔ او سی اے نے واضح کیا ہے کہ اگر حکام کی جانب سے تعاون نہ ملا اور سپلائی میں خلل آیا تو آئل انڈسٹری کو اس کا ذمہ دار قرار نہ دیا جائے۔ آئل انڈسٹری نے ممکنہ بحران سے نمٹنے کے لیے اعلیٰ حکام کو کراچی میں ایک ہنگامی اجلاس کی باضابطہ دعوت دی ہے تاکہ مسائل پر فوری پیشرفت کی جا سکے۔

19

معاشی ترقی کے لئے خدمات کو سراہا۔ آٹو موبائل انڈسٹری سے منسلک ماہرین نے وزیراعلی مریم نوازشریف کے ویژن کو قابل تقلید قرار دیا، الیکٹرک وہیکل انڈسٹری کے نمائندوں اور انتظامی افسران نے گرین ٹیکسی، وزیراعلی بائیک اسکیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ ای وی انڈسٹری نمائندگان نے گرین ٹیکسی اور بائیک سکیم کو وزیراعلی مریم نوازشریف کا شاندار اقدام قرار دیا۔ ٹریکٹر ساز انڈسٹری کے نمائندگان اور مالکان نے وزیراعلی گرین ٹریکٹر سکیم کے اجرا کو سراہا، نمائندگان ٹریکٹر ساز کمپنی نے کہا کہ گرین ٹریکٹر سکیم سے ٹریکٹر سازی کی صنعت اپنے پاؤں پر کھڑی ہوگئی ہے، وزیراعلی مریم نوازشریف کی گرین ٹریکٹر سکیم سے لوکل ٹریکٹر سازی کو فروغ ملا۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو میں مختلف سٹالز کا دورہ کیا، وزیراعلی مریم نوازشریف نے الیکٹرک گاڑیوں کا معائنہ کیا، الیکٹرک ایمبولینس میں اظہار دلچسپی کیا، وزیراعلی مریم نوازشریف نے جدید ترین گاڑیوں، بائیکس، جنریٹر کا جائزہ لیا۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے سوزوکی کمپنی کے بائیوگیس ماڈل کا بھی معائنہ کیا، ہونڈا، سوزوکی اور دیگر سٹال پر غیر ملکی ماہرین سے بات چیت، معلومات لیں۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے میڈ ان پاکستان (Made in Pakistan) مصنوعات کے معیار کو سراہا، PAAPAM کے چیئرمین عثمان اسلم ملک، چیف آرگنائزر سید نبیل ہاشمی اور دیگر نے تفصیلی بریفنگ دی۔ ایکسپو سنٹر کے 4 ہال میں جاری پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 میں ملکی و غیر ملکی کمپنیوں نے بھرپور شرکت کی، آٹو شو میں 150 نمائش کنندگان، 44 بین الاقوامی اور 43 مقامی نمائش کنندگان شریک ہیں۔ آٹو شو میں کاریں، موٹر سائیکلیں، الیکٹرک اور سیمی الیکٹرک اور مقامی آٹو پارٹس نمائش کے لیے پیش کی گئی۔ مریم نوازشریف نے کہا کہ پاکستان کی آٹوموٹیو صنعت ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کا اہم ذریعہ ہے، پنجاب حکومت مقامی پیداوار، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور جدت کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کاروباری روابط، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی ٹرانسفر کے لئے موثر ثابت ہوگا۔

20

کہنا ہے کہ فیول ریلیف اسکیم کے تحت اب تک 10 لاکھ سے زائد رجسٹریشنز مکمل ہو چکیں جب کہ ملک بھر میں اب تک 8 لاکھ سے زائد ٹوکنز جنریٹ کیے گئے۔ وزارت آئی ٹی نے مزید بتایا کہ ٹوکنز ریڈیمپشن کی فہرست میں پنجاب اور اسلام آباد سب سے آگے ہیں، پی ایم ریلیف اسکیم سے ملک میں مستحق لوگوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔

21

گئے، یہاں تک کے لاڑکانہ میں چند لوگوں سے خطاب بھی کیا، بلاول بھٹو نے وزیراعلی سہیل آفریدی کو ویلکم کیا، سہیل آفریدی تین چار دن بعد واپس چلا گیا، لیکن اب پنجاب میں کون سی گھبراہٹ ہے؟ اگر آپ اتنے ہی نااہل ہیں اور اس طرح کی حرکتیں کریں گے تو آپ ان کو موقع فراہم کر رہے ہیں، سندھ پر بڑی تنقید کی ہے، لیکن ہم نے ان کو جواب بھی نہیں دیا۔ شرمیلا فاروقی نے کہا عوام کو پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف دینے کیلئے کسی وزارت کی ضرورت نہیں اگر پیٹرول ڈیزل لیوی کم کردی جائے، عوام کو ریلیف مل جائے گا، یہ نان ریونیو ٹیکس ہے، یہ حکومت نے اپنا خسارہ پورا کرنے کیلئے ٹیکس لگایا ہوا ہے، اگر ایف بی آر کے اندر 7 کھرب روپے کا ٹیکس لیکیج ہے، اس کا آدھا حاصل کر لیا جائے تو لیوی لگانے کی ضرورت نہ ہو، اس طرح 10 روپے ڈیلر مارجن کم ہونا چاہیے، غیر معمولی حالات میں اقدامات اٹھانے پڑتے ہیں، کسٹم ڈیوٹی، کلائمیٹ سپورٹ لیوی 5 روپے فی لیٹر کہاں جاتا ہے؟ ملک میں کونسا خاطر خواہ کلائمیٹ چینج پر کام ہو رہا ہے؟ گیس بجلی کے قرضوں میں پورا کیا جا رہا ہے، ڈسکوز پیسے کھا رہی ہیں، اگر حکومت کوشش کرے تو پیٹرولیم لیوی پر عوام کو بڑا ریلیف مل سکتا ہے۔ ڈیزل کی قیمت دیکھیں؟ کسان استعمال کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنہوں نے ونڈ فال کمائے ان کی جیب سے پیسہ نکالا جائے، فی لیٹر پر 5 روپے کلائمیٹ سپورٹ لیوی لی جاتی ہے، یہ پیسہ کہاں جا رہا ہے؟ ڈسکوز عوام کے پیسے کھا رہے ہیں۔ شرمیلا فاروقی نے کہا کہ حکومت نے لوگوں کی جیبوں سے پیسے نکالنے کا آسان ذریعہ بنا لیا ہے، عوام کو ریلیف دینا ہے تو 80 روپے کی پیٹرولیم لیوی ختم کر دیں، حکومتی وزرا عوام کو بیٹھ کے بیوقوف بنا رہے ہیں، وفاقی وزرا کے پیسے کم کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا، ڈاؤن اور رائٹ سائزنگ کرنی پڑے گی۔

22

آنے والے عقیدت مندوں کو سیکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ انتظامیہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر الرٹ رہے گی۔ اس موقع پر SHO افضل عبدالوحید گسی بھی انکے ہمراہ تھے۔

23

20 سال پرانی موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چنگ چی رکشوں کو بھی فی الفور شامل کرنے کی ہدایت کی۔ یکم جنوری 2006 کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکلیں، رکشے، چنگ چی وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں رجسٹریشن کے لیے اہل ہوں گے۔ وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم سے اب 20 سال پرانی موٹر سائیکلیں، رکشے، چنگ چی چلانے والے بھی مستفید ہوسکیں گے۔

24

اور مقدس مقامات کے تقدس کو پامال کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، عالم اسلام کو ایسے حساس معاملات پر اتحاد، یکجہتی اور باہمی تعاون کا مظاہرہ کرنا چاہیے، جے یو آئی سندھ کے امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی نے کہا کہ سعودی عرب کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک باہمی اتحاد، یکجہتی اور سفارتی تعاون کے ذریعے سعودی عرب کی سلامتی کے تحفظ کے لیے موثر کردار ادا کریں، انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کی حفاظت اور تقدس کے لیے ہر قربانی دینے کے لئے تیار ہیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ اور تاریخی تعلقات قائم ہیں اس لیے پاکستان کو مسلم امہ کے اتحاد اور سعودی عرب کے تحفظ کے لیے اپنا موثر کردار ادا کرنا چاہیے، عالم اسلام کو اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے حرمین شریفین کے تقدس، خطے کے امن اور مسلم ممالک کی خودمختاری کے تحفظ کے لیے متحد ہو کر آواز بلند کرنا چاہیے، انہوں نے مزید کہا کہ امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ اتحاد اور باہمی تعاون سے ہی ممکن ہے جبکہ مقدس مقامات کا تحفظ اور خطے میں امن کا قیام تمام مسلم ممالک کی اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔

25

ویزا دینے سے انکار کے بعد یہ مسلسل دوسری مرتبہ ہے کہ عباس ویڈیو کے ذریعے خطاب کریں گے۔ قرارداد کے حق میں 152 ممالک نے ووٹ دیا، جبکہ 3 نے مخالفت کی اور 4 ممالک نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔ قرارداد کے تحت عباس اور دیگر اعلیٰ فلسطینی حکام کو آئندہ ایک سال کے دوران اقوام متحدہ کے اجلاسوں اور کانفرنسوں میں ویڈیو کے ذریعے شرکت کی اجازت بھی ہوگی، اگر انہیں امریکا کا سفر کرنے سے روکا جائے۔

26

کے کانفرنس روم میں پولیو مہم کی تیاریوں اور انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس بھی منعقد ہوا، اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر لورالائی نے کی اجلاس میں ڈی ایچ او مقبول احمد۔ ڈاکٹر زرک خان، ای ڈی سی جنرل علی نواز۔ ڈی ای او۔ کمیونیکیشن آفیسر محمد ہاشم۔ عبدالرزاق۔ این اسٹاف آفیسر وزیر خان۔ عاصم زیب ڈبلیو ایچ او افسر۔ عاصم زیب نے شرکت کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حسیب شجاع نے کہا کہ پولیو کے خاتمے اور بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ محکمہ صحت لورالائی کے مطابق ضلع لورالائی میں 65853 پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، 190 پولیو ٹیمیں 22 یونین کونسلز میں گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مہم کی موثر نگرانی کے لیے 22 سپروائزرز بھی تعینات کیے گئے ہیں۔ مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے گزشتہ ایک ماہ کے دوران مختلف مکاتب فکر، علما کرام اور صحافیوں سمیت دیگر طبقات سے بھی آگاہی و مشاورتی اجلاس منعقد کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ ضلع کو پولیو سے پاک رکھنے میں مدد مل سکے۔

27

سے سرکاری فرائض انجام دے رہے تھے کہ اچانک ایک رکن اسمبلی کے کہنے پر مذکورہ پوسٹوں کو ختم کر دیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پہلے ہی بیروزگاری عروج پر ہے اور نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، اب جبکہ محکمہ جنگلات میں نوجوان بھرتی ہوئے تو کچھ سازشی عناصر کو یہ پسند نہ آیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ملازمین کیساتھ ہے اور ان کے حقوق کیلئے ہر پلیٹ فارم پر جدوجہد کرے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ محکمہ جنگلات کی منسوخ شدہ پوسٹوں کا فیصلہ واپس لیتے ہوئے ملازمین میں پائی جانے والی بے چینی ختم کی جائے۔

28

کہا کہ صحافیوں کو حق و سچ کی آواز بلند کرنے پر نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حملے میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ صحافیوں کا کہنا تھا کہ صحافی برادری اپنے ساتھی صحافیوں کے ساتھ کھڑی ہے اور صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ مظاہرین نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے ذمہ دار عناصر کو جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

29

کے علاقے کیوٹن کے قریب گاڑی پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے نتیجے میں دونوں نوجوان موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ جنوبی افریقہ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے تفتیش شروع کر دی، اہلخانہ کے مطابق دو ماہ قبل مقتول سعادت کے دو کزنز سمیت چار پاکستانی نوجوانوں کو جنوبی افریقہ میں فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا تھا۔

30

مہنگا کر دیا، پیٹرول کی قیمت بڑھنے کا اثر مڈل کلاس پر پڑ رہا ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ حکومت کو لوگوں کا احساس ہی نہیں ہے، پاکستان کے عوام کا مسئلہ کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ لیوی ختم کی جائے اور عوام کو جینے دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کی صورت میں کوئی بھی معاہدہ معطل کیا جا سکتا ہے، جو گیس پیدا نہیں ہو رہی، عوام اس کے بھی پیسے ادا کر رہے ہیں، آئی پی پیز مافیا کو روکا جائے، عوام کیلئے روٹی سستی کی جائے، موجودہ حالات میں لگژری آئٹمز پر پابندی لگائی جائے۔ حافظ نعیم کا کہنا تھا کہ حکومت جماعت اسلامی کے پرامن احتجاج کو ہلکا لیتی ہے، ہم نے مارچ کے حوالے سے کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں، لانگ مارچ میں 20 ستمبر کو لاہور سے روانہ ہوں گے، دو سے تین روز میں اسلام آباد پہنچ جائیں گے، پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سے لوگ جمع ہوں گے، بڑا احتجاج ہوگا، آج مردان اور پشاور دھرنے میں شرکت کیلئے جا رہا ہوں۔ امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری کے دفاع کے لئے پاکستان ہر حد تک جائے گا۔

31

ذرائع کا کہنا ہے کہ دارالامان کی تعمیراتی و مرمتی کام کے لیے مجموعی طور پر 50 لاکھ روپے کے فنڈز مختص کیے گئے تھے، جن میں سے تقریباً 20 لاکھ روپے کا مرمتی کام کیا گیا، جبکہ باقی 30 لاکھ روپے کے فنڈز لیپس ہونے کی اطلاعات ہیں۔ ذرائع کے مطابق مبینہ طور پر کیے گئے تعمیراتی کام کی صورتحال تسلی بخش نہیں، جبکہ عمارت کے بعض تعمیراتی کام تاحال مکمل نہ ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔ اس صورتحال کے باعث شہری اور عوامی حلقوں کی جانب سے منصوبے کے معیار، فنڈز کے استعمال اور باقی رقم کے لیپس ہونے کے معاملے پر شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ دارالامان چونکہ خواتین کے تحفظ اور نگہداشت سے متعلق حساس ادارہ ہے، اس لیے اس کی عمارت میں غیر متعلقہ افراد کی مبینہ موجودگی یا مداخلت کے معاملے کو بھی سنجیدگی سے دیکھا جانا چاہیے اور دارالامان کی سکیورٹی و انتظامی امور کو قواعد و ضوابط کے مطابق یقینی بنایا جائے۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ دارالامان نصیر آباد کے لیے مختص 50 لاکھ روپے کے فنڈز، تعمیراتی تخمینے، جاری شدہ ادائیگیوں، کیے گئے کام اور لیپس ہونے والی رقم کا مکمل ریکارڈ طلب کر کے شفاف انکوائری کرائی جائے۔ ساتھ ہی تعمیراتی کام کا تکنیکی معائنہ کروا کر معیار اور تکمیل کی صورتحال بھی سامنے لائی جائے۔ عوامی حلقوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ اگر تحقیقات کے دوران کسی ٹھیکیدار، اہلکار یا کسی دوسرے فرد کی جانب سے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی یا مالی بے ضابطگی ثابت ہو تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور سرکاری خزانے کو ہونے والے ممکنہ نقصان کا ازالہ یقینی بنایا جائے۔

32

اسٹیٹ بینک پاکستان کے مطابق بینک 10 روپے مالیت والے بینک نوٹ کی مبینہ بندش اور اسے تبدیل کرانے کی آخری تاریخ سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی رپورٹس کی واضح طور پر تردید کرتا ہے۔

33

لگ گئیں۔ پینے کے پانی کی عدم فراہمی کے حوالے سے مظاہرین کا کہنا تھا کہ سونمیانی کے مکین گزشتہ 6 ماہ سے پینے کے پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں جبکہ بار ہا نشاندہی اور مطالبات کے باوجود پانی کی فراہمی کا مسئلہ حل نہیں کیا گیا۔ پینے کے پانی کی عدم فراہمی کے باعث خواتین، بچوں اور بزرگوں سمیت علاقہ مکین شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا ہے کہ سونمیانی میں فوری طور پر پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور طویل عرصے سے جاری پانی کے بحران کا مستقل حل نکالا جائے۔ احتجاج کی اطلاع ملنے پر سماجی شخصیت وڈیرہ سلیم کاکانی موقع پر پہنچ گئے اور احتجاجی مظاہرین سے مذاکرات کیے۔ وڈیرہ سلیم کاکانی نے مظاہرین کے مطالبات اور پانی کی عدم فراہمی کے حوالے سے ان کے تحفظات سنے اور مسئلے کے حل کے لیے یقین دہانی کرائی۔ مذاکرات کے بعد مظاہرین نے احتجاج ختم کرتے ہوئے شاہراہ کو آمد و رفت کے لیے کھول دیا۔ تاہم مظاہرین نے مطالبہ کیا ہے کہ چھ ماہ سے جاری پینے کے پانی کے بحران کو مزید طول دینے کے بجائے فوری عملی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ سونمیانی کے مکینوں کو بنیادی ضرورت پینے کے پانی کی فراہمی ممکن ہو سکے۔

34

ٹرین مارچ کراچی سے شروع ہوگا، کراچی سے ٹرین مارچ میں بھرپور شرکت کریں گے، لاہور میں دھرنے کی جگہ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ دھرنا ختم ہونے پر چیئرنگ کراس پر جزوی طور پر ٹریفک بحال ہوگئی، صفائی کا کام شروع کر دیا گیا۔

35

کر سکے گا۔ یہ بھی پڑھیں: جماعت اسلامی نے فیصل چوک مال روڈ پر دھرنا ختم کر دیا نئے نظام کے نفاذ کی تاریخ ایف بی آر الگ سے جاری کرے گا، ایکسائز ایبل اشیا بنانے والے مخصوص ادارے نئے مانیٹرنگ نظام کے دائرے میں آئیں گے۔

36

عدالت نے استفسار کیا کہ "آپ بینک کی ٹرانزیکشن کیوں حاصل کرنا چاہتے ہیں؟" تفتیشی حکام نے موقف اختیار کیا کہ میر رضا کیخلاف تفتیش جاری ہے اور یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ رقم کا لین دین کہاں اور کن افراد کے ساتھ ہوتا رہا ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ "تو بینک سے آپ ٹرانزیکشن رپورٹ لے لیں"، سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ اسٹیٹ بینک حکام سے رابطہ کیا گیا تھا، تاہم وہاں سے بتایا گیا کہ عدالتی حکم کی صورت میں ہی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ تفتیشی حکام نے عدالت کو بتایا کہ انہیں یہ بھی معلوم نہیں کہ میر رضا کے اکاؤنٹس کہاں اور کس کس بینک میں موجود ہیں، اسی لیے اسٹیٹ بینک سے رابطہ کیا گیا، سرکاری وکیل نے مقف اختیار کیا کہ میر رضا کے بینک اکاؤنٹس اور ٹرانزیکشنز کی تفصیلات حاصل کرنا مقصود ہے۔ تفتیشی حکام کے مطابق وہ صرف یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ میر رضا کے کتنے بینک اکاؤنٹس تھے اور ان میں ہونے والی ٹرانزیکشنز کہاں کہاں ہوئیں، ممکن ہے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات تفتیش میں معاون ثابت ہوں، عدالت نے معاملے پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے یکم اکتوبر تک جواب طلب کر لیا۔

37

توحیدی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ خان جنگ اور یونٹ کے مجلس عاملہ کے کیا رکین نے سینئر صحافی نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد کے واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے میں عوامی مسائل، ناانصافیوں اور مظلوم طبقات کی آواز ایوان اقتدار تک پہنچانے کا اہم فریضہ انجام دے رہے ہیں ایسے میں صحافیوں کو تشدد، دھمکیوں اور دیگر دباؤ کا سامنا کرنا انتہائی تشویشناک امر ہے انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں آزادانہ اور بلاخوف انجام دینے کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ صحافی پر تشدد صرف ایک فرد پر حملہ نہیں بلکہ آزادی صحافت اور اظہار رائے کے حق پر بھی اثر انداز ہوتا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد کے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور انہیں بلاتاخیر گرفتار کیا جائے جبکہ متاثرہ صحافی کو مکمل قانونی و حفاظتی معاونت فراہم کی جائے انہوں نے کہا کہ صحافی برادری اپنے ساتھی صحافی کے ساتھ کھڑی ہے اور صحافیوں کو درپیش مسائل دھمکیوں اور تشدد کے واقعات پر خاموش نہیں رہا جائے گا انہوں نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق سزا دی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے انہوں نے کہا کہ صحافیوں کا تحفظ یقینی بنا کر ہی آزاد اور ذمہ دار صحافت کے فروغ کے لیے سازگار ماحول پیدا کیا جا سکتا ہے، حکومت فوری اقدامات کرتے ہوئے صحافیوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے۔

38

کہنا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ بحران ختم کرنے کے لیے مذاکرات اور رابطے جاری رکھے جائیں۔ اماراتی صدر کے مشیر نے ایران سے رابطے برقرار رکھنے کو کشیدگی ختم کرنے کے لئے اہم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ابوظہبی کے ولی عہد اور ایرانی صدر کے درمیان ملاقات میں اتفاق ہوا کہ ماضی کو بھلا کر آگے بڑھنا ہوگا۔ اماراتی صدر کے مشیر نے کہا ہے کہ مستقبل کے لیے پہلا قدم حملے روکنا ہونا چاہیے، حملوں کے دوران مذاکرات ممکن نہیں ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ریاستی کنٹرول سے باہر ہتھیار خطے میں عدم استحکام کا سبب بنتے ہیں۔

39

اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں گی اور انصاف کے تمام تقاضے ہر صورت پورے کیے جائیں گے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ کوئٹہ پولیس ہمیشہ صحافی برادری کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، اور صحافیوں کے تحفظ، عزت نفس اور ان کے درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن قانونی تعاون جاری رکھا جائے گا۔ ڈی آئی جی کوئٹہ کا مزید کہنا تھا کہ کوئٹہ ہمارا اپنا گھر ہے، اور معاشرے میں پائے جانے والے باہمی اختلافات یا غلط فہمیوں کا خاتمہ ہی شہر میں امن وامان، بھائی چارے اور باہمی اعتماد کی فضا کو بحال اور برقرار رکھنے میں سب سے زیادہ مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ ملاقات میں اس کے علاوہ باہمی تعاون، شہر کی مجموعی امن وامان اور صحافیوں کے پیشہ ورانہ تحفظ سے متعلق دیگر اہم امور پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔

40

جہاں 100 انڈیکس 1841 پوائنٹس اضافے کے بعد ایک لاکھ 70 ہزار 884 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ کاروباری دن کے دوران 100 انڈیکس کی بلند ترین سطح ایک لاکھ 71 ہزار 36 پوائنٹس جبکہ کم ترین سطح ایک لاکھ 69 ہزار 399 پوائنٹس رہی۔ اسٹاک ایکسچینج میں مجموعی طور پر 22 ارب روپے مالیت کے 57 کروڑ شیئرز کا لین دین ہوا۔ کاروبار کے اختتام پر 571 کمپنیوں کے حصص میں لین دین ہوا، جن میں سے 351 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں اضافہ جبکہ 110 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔

41

میں بغیر ویزا قیام کی مدت ایک سے تین ماہ تک مقرر ہے۔ ایف آئی اے اور متعلقہ زونز کو ویزا استثنی سے متعلق تازہ فہرست کے مطابق کارروائی کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ فہرست میں ارجنٹائن، آذربائیجان، بحرین، بنگلادیش اور ترکیہ سمیت متعدد ممالک شامل ہیں۔ مصر، انڈونیشیا، ایران، کویت، ملائیشیا، روس اور سعودی عرب بھی ویزا استثنی والے ممالک کی فہرست میں شامل ہیں۔ متحدہ عرب امارات، تھائی لینڈ، قطر، نیپال اور دیگر ممالک بھی ان معاہدوں کا حصہ ہیں۔

42

نے پاکستان انجینئرنگ کونسل سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے انجینئر خادم حسین کی درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ درخواست گزار کی جانب سے بیرسٹر عمر اعجاز گیلانی عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق رجسٹرار کی تعیناتی کے لیے جاری اشتہار 23 اگست 2026 کو جاری کیا گیا۔ تحریری حکم نامے کے مطابق وکیل درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ پی ای سی کے ملازمین کے تقرری، ترقی اور تبادلے کے قواعد 2020 رجسٹرار کی تعیناتی کے لیے اہلیت مقرر کرتے ہیں۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق قواعد کے تحت سینئر ایڈیشنل رجسٹرار کی دستیابی کی صورت میں اہل سینئر افسران میں سے کم از کم 3 نام سلیکشن بورڈ نے تجویز کرنے ہیں، درخواست گزار کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ پی ای سی ایکٹ اور قواعد میں رجسٹرار کی براہ راست تعیناتی کی گنجائش نہیں، جبکہ رجسٹرار کی تعیناتی کا اشتہار ایکٹ اور قواعد کی خلاف ورزی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے رجسٹرار کی تعیناتی کا عمل جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے حتمی احکامات جاری کرنے سے روک دیا اور پاکستان انجینئرنگ کونسل سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ عدالت نے کیس کی سماعت 29 ستمبر تک ملتوی کر دی۔

43

میں باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ عالمی سطح پر کثیر الجہتی نظام کا دفاع اور قانون کی حکمرانی کا احترام ضروری ہے، چین اور روس نے سلامتی کونسل کے سیاسی استعمال کو مسترد کرتے ہوئے قانون کی حکمرانی کے اصولوں کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی معاملات میں یک طرفہ طرز عمل کسی کے مفاد میں نہیں، جبکہ موجودہ حالات میں کثیر الجہتی نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، بین الاقوامی مسائل کے حل کیلئے طاقت اور دباؤ کے بجائے قانون، باہمی احترام اور کثیر الجہتی تعاون کو بنیاد بنایا جائے۔

44

فورس کی اصلاحات کے تحت ریلوے اور بندرگاہی انفرا اسٹرکچر بہتر بنا کر کارگو ترسیل مؤثر بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی کے منصوبے کے تحت 52 کلومیٹر طویل مخصوص ڈبل ٹریک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت 25 بڑے ریلوے و سڑکوں کے پل اور 6 فلائی اوورز گریڈ سیپریٹرز تعمیر کیے جائیں گے۔ منصوبے میں 100 فیصد حفاظتی باڑ اور حفاظتی انتظامات کے ساتھ جدید مرکزی خودکار سگنلنگ نظام بھی شامل ہے۔ 1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا۔ بندرگاہوں سے کنٹینرز ریلوے کے ذریعے لاجسٹکس پارک لا کر ٹریلرز سے اپ کنٹری بھیجے جائیں گے۔

45

کہ آئندہ فیصلہ کرنے سے پہلے وہ خلیجی ممالک کے رہنماؤں سے براہ راست ان کی رائے سننا چاہتے ہیں کیونکہ انھیں یہ طے کرنا ہے کہ آیا ایرانی حکومت کے خلاف دوبارہ بڑے حملے کیے جائیں یا نہیں۔ خیال رہے کہ ٹرمپ آئندہ ہفتے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر خلیج تعاون کونسل کے چھ ممالک، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، بحرین، کویت اور عمان، کے رہنماؤں یا اعلیٰ حکام سے ملاقات کرنے والے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق اس ملاقات میں ایران کے ساتھ جنگ کے اگلے مرحلے، خطے کی سیکیورٹی اور جنگ کے بعد کی امریکی حکمت عملی پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔ امریکی صدر نے کہا ہے کہ وہ فیصلہ کرنے سے قبل خلیجی اتحادیوں سے جاننا چاہتے ہیں کہ وہ موجودہ صورتحال کو کس طرح دیکھتے ہیں اور ان کے خدشات کیا ہیں۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو بھی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران ٹرمپ سے ملاقات کے خواہاں ہیں تاہم دونوں رہنماؤں کی ملاقات ابھی باضابطہ طور پر طے نہیں ہوئی۔ جب ٹرمپ سے نیتن یاہو سے ملاقات کے امکان کے بارے میں سوال کیا گیا تو امریکی صدر نے جواب دیا کہ ہوسکتا ہے۔

46

خارجہ کے مطابق مجوزہ فروخت سے سعودی عرب کی دفاعی صلاحیت بہتر ہوگی، اسے موجودہ اور مستقبل کے خطرات سے نمٹنے میں مدد ملے گی اور امریکی و اتحادی افواج کے ساتھ اس کی عسکری ہم آہنگی میں اضافہ ہوگا۔ معاہدے میں 48 ایف 35 طیاروں کے علاوہ 49 پراٹ اینڈ وٹنی ایف 135 انجن، مواصلاتی آلات، اسپیئر پارٹس، تربیتی اور لاجسٹک معاونت سمیت دیگر متعلقہ سامان بھی شامل ہے۔ امریکی حکومت کا کہنا ہے کہ مجوزہ فروخت سے خطے میں فوجی توازن تبدیل نہیں ہوگا۔ واشنگٹن کی دیرینہ پالیسی کے تحت اسرائیل کو خطے کے ممکنہ مخالفین کے مقابلے میں فوجی برتری برقرار رکھنے کی ضمانت دی جاتی رہی ہے۔

47

نے الہان عمر کے ترقی پسند سیاسی خیالات سے اختلاف کی وجہ سے حملہ کیا۔ یہ واقعہ جنوری میں اس وقت پیش آیا جب الہان عمر منیسوٹا میں ٹاؤن ہال اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے امیگریشن حکام کی کارروائیوں پر تنقید کر رہی تھیں۔ ملزم ہجوم میں سے اٹھا اور سرنج کے ذریعے ان پر سرکہ پھینک دیا تاہم سکیورٹی گارڈ نے فوری طور پر اسے قابو کر لیا اور الہان عمر نے اپنی تقریر جاری رکھی۔

48

ضروریہ میں سے 19 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی جبکہ 23 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں ڈیزل کی قیمت 7.29 فیصد، پیٹرول 6.40 فیصد اور ایل پی جی 3.26 فیصد مہنگی ہوئی۔ لہسن کی قیمت میں 1.94 فیصد اور انڈے 1.72 فیصد مہنگے ہوئے، جبکہ چنے کی دال، مسور، مونگ کی دال، ڈبل روٹی، سرسوں کا تیل اور مٹن کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ایک ہفتے میں کیلے 6.17 فیصد، ٹماٹر 5.66 فیصد، پیاز 4.57 فیصد اور مرغی 2.33 فیصد سستی ہوئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک سال کے دوران ایل پی جی 60.42 فیصد، ڈیزل 54.21 فیصد اور پیٹرول 48 فیصد مہنگا ہوا، کم آمدنی والے طبقے کیلئے بجلی کے نرخ 33.54 فیصد بڑھے۔ رپورٹ کے مطابق مرچ پاؤڈر 16.37 فیصد، مٹن 15.86 فیصد اور گائے کا گوشت 12.88 فیصد مہنگا ہوا، آٹا 33.27 فیصد مہنگا ہوا، جبکہ کیلے، ڈبل روٹی اور تازہ دودھ کی قیمتیں بھی گزشتہ سال کے مقابلے میں بڑھ گئیں۔ دوسری جانب آلو کی قیمت میں سالانہ بنیادوں پر 35.31 فیصد، چینی 20.95 فیصد، انڈے 19.31 فیصد اور مرغی کی قیمت میں 15.26 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، نمک، چنے کی دال، مسور اور مونگ کی دال بھی گزشتہ سال کے مقابلے میں سستی ہوئیں۔

49

نے کہا ہے کہ کسی ڈیل کے ذریعے ہوا یا نہیں مگر جیت امریکا کی ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران میں مہنگائی تین سو فیصد ہے، معیشت ایسے درجے پر ہے جو ایران نے کبھی دیکھی نہیں تھی۔

50

16 طیارے میں تربیتی مشن پر پرواز کر رہا تھا کہ اس دوران اسے حادثہ پیش آیا۔

51

فیصل خان جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے والدین اور معاشرے کے تمام طبقات کا تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ 21 سے 24 ستمبر کے دوران پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کا خاتمہ مشترکہ ذمہ داری ہے والدین اپنے بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو کے قطرے پلوا کر قومی ذمہ داری ادا کریں۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر امیر علی جمالی نے کہا کہ پیدائش سے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو ہر پولیو مہم میں ویکسین کے دو قطرے پلانا ضروری ہے۔ ورکشاپ میں کمیونٹی کمیونیکیشن آفیسر منصور حسین، ڈاکٹر شکیل احمد ڈی پی او ڈبلیو ایچ او اور ڈاکٹر ناصر کاکڑ این اسٹاپ نے پولیو مہم، ویکسینیشن اور ماحولیاتی نگرانی کے حوالے سے شرکاء کو بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ پولیو ویکسینیشن کا ہدف پانچ سال سے کم عمر تمام بچے ہیں۔ اس موقع پر ایم ایس ٹی ایچ کیو ڈاکٹر زین سلطان، ڈاکٹر احمد دین، پولیو پروگرام کے نمائندگان، مذہبی رہنماؤں اور معززین نے شرکت کی۔ پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح بھی کیا گیا جبکہ گزشتہ مہم کے دوران مشکلات کا سامنا کرنے والی خواتین پولیو ورکرز اور ڈاگ بائٹ کا شکار ہونے والے ورکرز میں تعریفی اسناد تقسیم کر کے ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

52

'جمعیت نظریاتی کے قاری مہر اللہ' شیعہ علماء کونسل کے مرکزی ممبر علامہ ہاشم موسوی نے جمعہ کے خطبات میں خطاب کرتے ہوئے کہا علماء کرام نے پشاور میں مسجد کے اندر ہونے والے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں نمازیوں اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک ہے۔ ایسے واقعات سے نہ صرف قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوتی ہیں بلکہ معاشرے میں خوف و اضطراب بھی پیدا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مساجد اللہ کے گھر اور مسلمانوں کے لیے عبادت و امن کے مراکز ہیں، ان کی حرمت پامال کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ علماء کرام نے شہداء کے لواحقین سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ علماء کرام نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور دیگر مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے پوری امت مسلمہ متحد ہے اور سعودی عرب کی سلامتی و استحکام کے ساتھ مسلمانوں کے جذبات وابستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں امت مسلمہ کو اتحاد، صبر، حکمت اور پرامن جدوجہد کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور مساجد سمیت تمام عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے ریاستی اداروں، علماء کرام اور عوام کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ پشاور کا واقعہ پوری قوم کے لیے باعث تشویش ہے اور ایسے واقعات کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔

53

یونٹس کے بدلے 186 ارب روپے کی ادائیگی کی گئی جبکہ نجی آئی پی پیز کو 49.8 ارب یونٹس کے عوض 1040 ارب روپے منتقل کیے گئے، جاری مالی سال میں آئی پی پیز کو کیپسٹی چارجز کی مد میں 1300 ارب روپے سے زائد کی ادائیگیاں کی گئیں۔ سینیٹ کو فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق تربیلا ہائیڈل پاور پروجیکٹ ملک کا سستا ترین ذریعہ ہے جہاں سے بجلی محض 2 روپے 70 پیسے فی یونٹ میں تیار کی جاتی ہے جبکہ منگلا ہائیڈل پاور پروجیکٹ سے 3 روپے 75 پیسے فی یونٹ اور تمام ڈیمز کی مجموعی اوسط لاگت 5 روپے 39 پیسے فی یونٹ ریکارڈ کی گئی۔ دستاویزات کے مطابق چشمہ ایٹمی بجلی گھر 6 روپے 76 پیسے اور مقامی تھر کوئلے سے 19 روپے 3 پیسے فی یونٹ میں بجلی فراہم کی گئی، جبکہ درآمدی کوئلے والے پلانٹس ساہیوال کول 34.17 اور پورٹ قاسم 32.16 روپے فی یونٹ پر پہنچ گئے ہیں۔

54

پیسے اضافہ ہوا ہے۔ ملک شہزاد نے کہا کہ پچھلے ایک ہفتے میں پیٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 20 روپے اضافہ کیا گیا۔ دوسری جانب گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھائے جانے سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ حکومت نے گزشتہ روز ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 47 پیسے اضافہ کیا ہے جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 424 روپے 92 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔

55

کے مطابق سرکاری اور مارکیٹ میں قیمتوں میں فرق پریشانی کا باعث ہے، دکانداروں کے مطابق ٹرانسپورٹ اخراجات میں اضافہ فرق کی وجہ ہے۔

56

کے تحفظ کے عزم کے ساتھ کھڑا ہے اور حرمین شریفین کے تقدس و تحفظ کے لیے کسی طور پیچھے نہیں رہے گا۔ افتخار علی ملک نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے انتہائی مقدس مقامات ہیں جن کا احترام اور تقدس ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی حصہ ہے، مقدس مقامات کو کسی بھی قسم کے خطرے سے دوچار کرنے کی کوشش پوری مسلم امہ کے جذبات کو مجروح کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات تاریخی، مذہبی اور عوامی بنیادوں پر قائم ہیں اور پاکستانی قوم سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعادہ کرتی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ مقدس مقامات کے تحفظ اور خطے میں امن و سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ افتخار علی ملک نے کہا کہ مسلم امہ کو ایسے واقعات کے خلاف متحد ہو کر واضح اور مضبوط موقف اختیار کرنا چاہیے۔

57

کہنا تھا کہ سب سے پہلے ایرانی حکومت کو شکست دیں گے، ہم اس کا تختہ الٹ دیں گے، یہ حکومت گر جائے گی پھر ہم حزب اللہ سے بھی نمٹیں گے اور وہ بھی ختم ہو جائے گی۔

58

پیش کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی نوجوان نسل کے روشن مستقبل کیلئے انتہائی اہم ہے۔ میڈم کشش چوہدری نے تعلیمی معیار میں مسلسل بہتری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے سکول انتظامیہ کو اپنی کاوشیں مزید مؤثر بنانے کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم معاشرتی ترقی اور معاشی خوشحالی کی بنیاد ہے، جبکہ تعلیم یافتہ اور ہنرمند نوجوان ہی کسی بھی معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ تعلیمی اداروں کی بہتری اور تعلیمی اقدامات کی بھرپور حمایت جاری رکھے گی اور درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ دورے کے اختتام پر اسسٹنٹ کمشنر نے سکول انتظامیہ کی تعلیمی خدمات کو قابل ستائش قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ادارہ مستقبل میں بھی طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور علاقے میں تعلیمی ترقی کے لیے اپنا کردار بھرپور انداز میں ادا کرتا رہے گا۔

59

کے شدید بحران کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ آئل انڈسٹری نے جغرافیائی حالات اور سپلائی روٹس کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے فوری اقدام کا مطالبہ کیا ہے۔ آئل ایڈوائزری کونسل اور آئل انڈسٹری نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ جغرافیائی حالات کے باعث ایسٹ ویسٹ پائپ لائن سمیت علاقائی سپلائی روٹس متاثر ہو سکتے ہیں۔ انڈسٹری کا کہنا تھا کہ حکام سے بار بار رابطوں کے باوجود مسائل کے حل کے لیے کوئی خاطر خواہ پیشرفت نہیں ہو سکی، جس سے صنعت کی مالی استعداد مسلسل کم ہو رہی ہے۔ او سی اے نے واضح کیا ہے کہ اگر حکام کی جانب سے تعاون نہ ملا اور سپلائی میں خلل آیا تو آئل انڈسٹری کو اس کا ذمہ دار قرار نہ دیا جائے۔ آئل انڈسٹری نے ممکنہ بحران سے نمٹنے کے لیے اعلیٰ حکام کو کراچی میں ایک ہنگامی اجلاس کی باضابطہ دعوت دی ہے تاکہ مسائل پر فوری پیشرفت کی جا سکے۔

60

معاشی ترقی کے لئے خدمات کو سراہا۔ آٹو موبائل انڈسٹری سے منسلک ماہرین نے وزیراعلی مریم نوازشریف کے ویژن کو قابل تقلید قرار دیا، الیکٹرک وہیکل انڈسٹری کے نمائندوں اور انتظامی افسران نے گرین ٹیکسی، وزیراعلی بائیک اسکیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ ای وی انڈسٹری نمائندگان نے گرین ٹیکسی اور بائیک سکیم کو وزیراعلی مریم نوازشریف کا شاندار اقدام قرار دیا۔ ٹریکٹر ساز انڈسٹری کے نمائندگان اور مالکان نے وزیراعلی گرین ٹریکٹر سکیم کے اجرا کو سراہا، نمائندگان ٹریکٹر ساز کمپنی نے کہا کہ گرین ٹریکٹر سکیم سے ٹریکٹر سازی کی صنعت اپنے پاؤں پر کھڑی ہوگئی ہے، وزیراعلی مریم نوازشریف کی گرین ٹریکٹر سکیم سے لوکل ٹریکٹر سازی کو فروغ ملا۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو میں مختلف سٹالز کا دورہ کیا، وزیراعلی مریم نوازشریف نے الیکٹرک گاڑیوں کا معائنہ کیا، الیکٹرک ایمبولینس میں اظہار دلچسپی کیا، وزیراعلی مریم نوازشریف نے جدید ترین گاڑیوں، بائیکس، جنریٹر کا جائزہ لیا۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے سوزوکی کمپنی کے بائیوگیس ماڈل کا بھی معائنہ کیا، ہونڈا، سوزوکی اور دیگر سٹال پر غیر ملکی ماہرین سے بات چیت، معلومات لیں۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے میڈ ان پاکستان (Made in Pakistan) مصنوعات کے معیار کو سراہا، PAAPAM کے چیئرمین عثمان اسلم ملک، چیف آرگنائزر سید نبیل ہاشمی اور دیگر نے تفصیلی بریفنگ دی۔ ایکسپو سنٹر کے 4 ہال میں جاری پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 میں ملکی و غیر ملکی کمپنیوں نے بھرپور شرکت کی، آٹو شو میں 150 نمائش کنندگان، 44 بین الاقوامی اور 43 مقامی نمائش کنندگان شریک ہیں۔ آٹو شو میں کاریں، موٹر سائیکلیں، الیکٹرک اور سیمی الیکٹرک اور مقامی آٹو پارٹس نمائش کے لیے پیش کی گئی۔ مریم نوازشریف نے کہا کہ پاکستان کی آٹوموٹیو صنعت ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کا اہم ذریعہ ہے، پنجاب حکومت مقامی پیداوار، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور جدت کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کاروباری روابط، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی ٹرانسفر کے لئے موثر ثابت ہوگا۔

61

کہنا ہے کہ فیول ریلیف اسکیم کے تحت اب تک 10 لاکھ سے زائد رجسٹریشنز مکمل ہو چکیں جب کہ ملک بھر میں اب تک 8 لاکھ سے زائد ٹوکنز جنریٹ کیے گئے۔ وزارت آئی ٹی نے مزید بتایا کہ ٹوکنز ریڈیمپشن کی فہرست میں پنجاب اور اسلام آباد سب سے آگے ہیں، پی ایم ریلیف اسکیم سے ملک میں مستحق لوگوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات، مہنگائی میں 0.49 فیصد اضافہ

51 میں سے 19 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی ریکارڈ کی گئی، رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سامنے آنے لگے، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں 0.49 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کردیئے، جس کے مطابق 51 اشیائے (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

آبنائے ہرمز سے جہازرات کو نکالتے ہیں، ایران کو پتا نہیں چلتا، ٹرمپ

معاہدہ ڈیل کے ذریعے ہو یا نہیں جیت امریکہ کی ہی ہوگی' امریکی صدر

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا آبنائے ہرمز سے جہازرات کو نکالتا ہے کیونکہ ایران کو پتا ہی نہیں چلتا، ایران کے ریڈار تباہ کیے جاچکے ہیں۔ ایران سے ڈیل ہونے یا علاقے میں مزید فوج بھیجے جانے سے متعلق سوال پر جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم یا تو کوئی اچھا معاہدہ کریں گے، یا پھر کوئی معاہدہ کریں گے ہی نہیں۔ ٹرمپ (باقی صفحہ 3 نمبر 8)



سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ بلوچستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ کے 43 ویں بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امریکی رکن کانگریس الہان عمر پر سرکہ پھینکنے والے شخص کو سزا سنادی گئی

مینیسوٹا (جی این ایم) امریکی ریاست مینیسوٹا میں ڈیموکریٹ رکن کانگریس الہان عمر پر سرکہ پھینکنے والے شخص کو ایک سال دو ماہ قید کی سزا سنا دی گئی۔ رائٹرز کے مطابق انتھونی جیمز کازمیرزک نے مئی میں حملے کا جرم قبول کیا تھا، عدالت میں اس نے اعتراف کیا کہ اس (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

امریکی ریاست مشی گن میں ایف 16 طیارہ گر کر تباہ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی ریاست مشی گن میں ایف 16 طیارہ گر کر تباہ ہوگیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق کریش سے قبل پائلٹ طیارے سے ایجکٹ کر گیا تھا۔ حکام کے مطابق پائلٹ حادثے سے قبل طیارے سے باہر نکل گیا تھا اور اب اس کی حالت بہتر ہے۔ پائلٹ اور طیارہ تباہ ہونے سے متعلق مزید کوئی تفصیل جاری نہیں کی گئی ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق پائلٹ ایف (باقی صفحہ 3 نمبر 9)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کا پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ کے بھانجے میر سلمان کردی کی منگنی کے موقع پر میر خالد لانگو، عبدالحئی بلوچ اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

سعودی عرب کو 48 ایف 35 طیاروں کی فروخت، امریکا نے منظوری دے دی

جنگی سازوسامان اور معاونت کی فروخت خطے میں فوجی توازن کو تبدیل نہیں کرے گی، امریکی حکام

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی نے سعودی عرب کو 48 جدید ایف 35 لڑاکا طیارے فروخت کرنے کی ممکنہ ڈیل کی منظوری دے دی ہے، تاہم تقریبا 24.3 ارب ڈالر کے اس معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے امریکی کانگریس کی منظوری درکار ہوگی۔ امریکی محکمہ (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار کی بھرتی کا اشتہار اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار کی بھرتی کے لیے جاری اشتہار کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ عدالت نے رجسٹرار کی تعیناتی کا عمل جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے حتمی احکامات جاری کرنے سے روک دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ایران جنگ پر بڑا فیصلہ جلد آنے والا ہے' ٹرمپ

کانیتن یاہو سے جلد ملاقات کا بھی عندیہ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف دوبارہ بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی شروع کرنے کے حوالے سے ایک اہم فیصلے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے یہ بات امریکی صحافی بارک راوید کو دیے گئے فون انٹرویو میں کہی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آپ کے سامنے جلد ایک بڑا فیصلہ آنے والا ہے۔ امریکی صدر کا مزید کہنا تھا (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

طاقت اور دباؤ سے مطالبات منوانے کا یکطرفہ نظام ختم ہو چکا، باقر قالیباف

عالمی سطح پر کثیرالجہتی نظام کا دفاع اور قانون کی حکمرانی کا احترام ضروری ہے، سپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (جی این ایم) ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ طاقت اور دبا کے ذریعے مطالبات منوانے والا ایک طرفہ عالمی نظام اب ختم ہو چکا ہے۔ ایک بیان (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت کے پی ٹی اور پپری ریلوے لنک کی بحالی

1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم ٹاسک فورس کی جانب سے اصلاحات کے تحت کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی جاری ہے۔ وزیراعظم ٹاسک (باقی صفحہ 3 نمبر 3)



اقبال لائبریری کا قیام طلبہ میں مطالعے، تحقیق اور ادبی ذوق کی جانب ایک اہم قدم ہے

مکہ مکرمہ پر حملہ پوری امت مسلمہ پر حملہ ہے، علماء کرام

پاکستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور مساجد سمیت تمام عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے ریاستی اداروں، علماء کرام اور عوام کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا' مولانا انوار الحق حقانی

پشاور کا واقعہ پوری قوم کے لیے باعث تشویش ہے اور ایسے واقعات کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں' مولانا عبدالرحمٰن رفیق، مولانا ہاشم موسوی

کوئٹہ (جی این ایم) جید علماء کرام نے مکہ مکرمہ کی حرمت کے حوالے سے پیدا ہونے والی صورتحال اور پشاور میں مسجد کے اندر ہونے والے دھماکے پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقدس مقامات کی حرمت اور مساجد کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے مکرمہ اور مسجد نبوی سمیت مقدس مقامات کا امن پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے اور ان مقامات کی حرمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا' یہ بات جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء وخطیب جامعہ محمدی کوئٹہ مولانا عبدالرحمٰن رفیق' جامع مسجد کوئٹہ کے خطیب مولانا انوارالحق حقانی (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

پولیو مہم والدین پانچ سال سے کم عمر بچوں کو قطرے ضرور پلوائیں، فیصل جمالی

اوستا محمد میں ڈسٹرکٹ انفلوئنسرز مذہبی رہنماؤں اور معززین کی تربیتی ورکشاپ مہم کا افتتاح اسناد تقسیم

اوستا محمد (جی این ایم) ضلع اوستا محمد میں 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ڈی ای اوسی اور محکمہ صحت کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ انفلوئنسرز مذہبی رہنماؤں معززین اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی تربیتی ورکشاپ منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی تھے۔ سردارزادہ (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

ملک بھر میں فی یونٹ بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کی تفصیلات سامنے آ گئیں

دستاویزات کے مطابق واپڈا ڈیمز سے بجلی 2.70 روپے فی یونٹ، نجی آئی پی پیز کی لاگت 34 روپے سے بھی تجاوز کرگئی

اسلام آباد (جی این ایم) ملک بھر میں فی یونٹ بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔ سینیٹ میں پیش دستاویزات کے مطابق واپڈا ڈیمز سے بجلی 2.70 روپے فی یونٹ کے حساب سے بن رہی ہے جبکہ نجی آئی پی پیز کی لاگت 34 روپے فی یونٹ سے بھی تجاوز کر گئی ہے۔ دستاویزات میں بتاتا گیا کہ حکومت کی جانب سے واپڈا کو 34.5 ارب (باقی صفحہ 3 نمبر 12)



وفاقی وزیر ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی اور صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سول سوسائٹی کی تنظیموں کے ساتھ اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پٹرول مہنگا، اشیائے ضروریہ کی قیمتیں عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہونے لگیں

کچن بجٹ 3 گنا ہوگیا، محدود آمدن نے ضروری اشیا خریدنا مشکل بنا دیا، عوام کا شکوہ

اسلام آباد/لاہور/کراچی (جی این ایم) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ سے اشیائے خورد ونوش کی قیمتیں بڑھنے سے عام آدمی کی قوت خرید جواب دینے لگی۔ ملک بھر میں سرکاری ریٹ لسٹ میں مختلف سبزیوں، پھلوں، چکن، انڈوں ودیگر اشیائے ضروریہ کے روزانہ نرخ جاری ہوتے ہیں۔ بازاروں میں خریداری کرنے والی خواتین نے بتایا کہ کچن کا بجٹ تین گنا بڑھ چکا، محدود آمدنی نے سبزیوں، چکن ودیگر ضروری اشیا کی خریداری مشکل بنادی ہے۔ شہریوں (باقی صفحہ 3 نمبر 14)



اوتھل، اسسٹنٹ کمشنر کنراج کا گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائرسیکنڈری سکول کا دورہ

طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی نوجوان نسل کے روشن مستقبل کیلئے انتہائی اہم ہے، میڈم کشش چوہدری

اوتھل (رپورٹ-عزیز یوسفزئی) اسسٹنٹ کمشنر کنراج لسبیلہ میڈم کشش چوہدری نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائرسیکنڈری سکول اوتھل کا دورہ کیا اور سکول میں تعلیمی سرگرمیوں، انتظامی امور اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کشش چوہدری نے سکول انتظامیہ کی جانب سے معیاری تعلیم کی فراہمی اور طلبہ کی تعلیمی و اخلاقی تربیت کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے اساتذہ اور عملے کی محنت، لگن اور خدمات کو خراج تحسین (باقی صفحہ 3 نمبر 17)



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے افتتاح کے موقع پر ایک بچی کو حفاظتی قطرے پلانے کے بعد نشان لگا رہے ہیں

مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کوئی بھی کوشش ناقابل قبول ہے، افتخار علی ملک

مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کوئی بھی کوشش ناقابل قبول ہے

اسلام آباد (اے این این) سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر اور ممتاز تاجر رہنما افتخار علی ملک نے مکہ مکرمہ جیسے مقدس شہر پر ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کوئی بھی کوشش ناقابل قبول ہے۔ بدھ کو جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

پیٹرول کی بڑھتی قیمتیں' گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرائے 7 فیصد بڑھانے کا اعلان کردیا

اسلام آباد (جی این ایم) گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے کرایوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان کردیا۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے کرایوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے 7 دن میں ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 26 روپے 88 (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

ایرانی حکومت کا تختہ الٹ دیں گے، حزب اللہ کو بھی ختم کیا جائے گا' نیتن یاہو

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ وہ ایرانی حکومت کا تختہ الٹ دیں گے، ایرانی حکومت کو شکست دینا اولین ترجیح ہے۔ غیرملکی خبرایجنسی کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم کا کہنا ہے کہ اسرائیل کی اولین ترجیح ایرانی حکومت کو شکست دینا اور اسے گرانا ہے۔ ان کا (باقی صفحہ 3 نمبر 16)



لاہور ایکسپوسینٹر میں تین روزہ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا باقاعدہ آغاز

آٹو شو میں 150 نمائش کنندگان، 44 بین الاقوامی اور 43 مقامی نمائش کنندگان شریک

لاہور (جی این ایم) لاہور ایکسپوسینٹر میں تین روزہ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا باقاعدہ آغاز ہوگیا جب کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ایکسپوسینٹر آمد، پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا افتتاح کردیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آٹو موبائل انڈسٹری سے منسلک صنعتکاروں سے ملاقات کی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صنعتکاروں کی قومی (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

پیٹرول اور ڈیزل کے شدید بحران کا خدشہ

اسلام آباد (جی این ایم) آئل انڈسٹری نے ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کے شدید بحران کا خدشہ ظاہر کردیا اور حکومت سے فوری اقدام کا مطالبہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی چین متاثر ہونے اور ملک بھر میں پیٹرول وڈیزل (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

فیول ریلیف اسکیم: 10 لاکھ سے زائد رجسٹریشنز مکمل، 8 لاکھ سے زائد ٹوکنز جنریٹ ہوگئے

اسلام آباد (جی این ایم) وزارت آئی ٹی کا کہنا ہے کہ وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے تحت اب تک 10 لاکھ سے زائد رجسٹریشنز مکمل ہوچکی ہیں۔ وزارت آئی ٹی کے مطابق 24 گھنٹے کنٹرول روم سے ملک بھر میں اسکیم کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ جاری ہے۔ وزارت آئی ٹی کا (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

پٹرولیم لیوی کم کر کے عوام کو فوری ریلیف دیا جائے، شرمیلا فاروقی

پٹرولیم لیوی ختم کی جائے تو عوام کو بڑا ریلیف مل سکتا ہے

اسلا آباد (اے این این) پاکستان پیپلزپارٹی کی رہنما شرمیلا فاروقی نے کہا کہ پنجاب حکومت ہر چیز کو مس ہینڈل کرتی ہے، انہوں نے سہیل آفریدی کو پنجاب میں بلاوجہ ہیرو بنادیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ن لیگ حکومت ہر چیز کو مس ہینڈل کرتی ہے، ان لوگوں نے سہیل آفریدی کو خواہ مخواہ پنجاب کے اندر ہیرو بنا دیا، سہیل آفریدی سندھ میں بھی آئے، اور ہر ضلع میں (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

وزیراعظم کی پرائم منسٹر فیول ریلیف اسکیم میں عوام کو مزید سہولت فراہم کرنے کی خصوصی ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے پرائم منسٹر فیول ریلیف سکیم میں عوام کو مزید سہولت فراہم کرنے کی خصوصی ہدایت کردی۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے فیول ریلیف اسکیم میں (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

اسسٹنٹ کمشنر اوتھل ڈاکٹر میر من کاکڑ اور ڈی ایس پی سید راحق علی شاہ نے درگاہ سید فدا حسین شاہ کے تین روزہ سالانہ عرس کی تقریبات کے سلسلے میں درگاہ کا دورہ کیا

اوتھل (رپورٹ-عزیز یوسفزئی) اسسٹنٹ کمشنر اوتھل ڈاکٹر میر من کاکڑ اور ڈی ایس پی سید راحق علی شاہ نے درگاہ سید فدا حسین شاہ کے تین روزہ سالانہ عرس کی تقریبات کے سلسلے میں درگاہ کا دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد عرس کے دوران زائرین کی سیکیورٹی اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران دونوں افسران نے درگاہ کے مختلف حصوں اور اطراف کا معائنہ کیا اور سیکیورٹی کے انتظامات کو باریک بینی سے جانچا۔ درگاہ کے خلیفہ اور منتظمین نے افسران کو عرس اور میلے کی تقریبات کے حوالے سے آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر اوتھل اور ڈی ایس پی اوتھل نے کہا کہ عرس کے ایام میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور زائرین کی حفاظت کے لیے فول پروف اقدامات کیے جائیں گے، انہوں نیاس عزم کا اعادہ کیا کہ عرس میں شرکت کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

مکہ مکرمہ پر حملہ پوری امت مسلمہ کے لیے تشویشناک ہے، راشد محمود سومرو

حرمین شریفین کا تحفظ امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے

جیکب آباد (اے این این) جمعیت علماء اسلام سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے مکہ مکرمہ پر حوثی گروہ کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقدس سرزمین پر حملہ پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی تشویش کا باعث ہے، سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور حرمین شریفین کا تحفظ امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ بیت اللہ (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

پاکستانیوں کے لیے اچھی خبر، درجنوں ممالک کے ساتھ ویزا فری معاہدے طے پاگئے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے درجنوں دوست ممالک کے ساتھ ویزا استثنیٰ کے معاہدے کر لیے، تاہم ویزا استثنیٰ کا بنیادی اطلاق سفارتی اور سرکاری پاسپورٹ رکھنے والے افراد پر ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق مختلف ممالک (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی، 100 انڈیکس 1841 پوائنٹس بڑھ گیا

کراچی (جی این ایم) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں جمعہ کو کاروبار کا مثبت رجحان رہا جس کے باعث ہنڈرڈ انڈیکس 1841 پوائنٹس بڑھ گیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کا اختتام مثبت زون میں ہوا، (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

لورالائی، ضلع بھر میں چار روزہ انسدادِ پولیو مہم کا آغاز، 65 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

پولیو کا خاتمہ اور بچوں کی حفاظت ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت جائزہ اجلاس

لورالائی (جی این ایم) ضلع لورالائی میں 21 سے 24 ستمبر 2026 تک جاری رہنے والی SNID انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع۔ ڈی ایچ او مقبول احمد نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر کیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

امریکا کا ویزے سے انکار، فلسطینی صدر جنرل اسمبلی سے ویڈیو لنک خطاب کریں گے

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے فلسطینی صدر محمود عباس کو آئندہ ہفتے عالمی رہنماں کے سالانہ اجلاس سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کی اجازت دے دی۔ امریکا کی جانب سے انہیں نیویارک کے سفر کے لئے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

محکمہ جنگلات کی حالیہ بھرتیوں کی منسوخی کی شدید مذمت کرتے ہیں، محمد رحیم کاکڑ

صوبے کے نوجوان پہلے ہی دربدری کا شکار ہیں، ایک رکن اسمبلی کے کہنے پر پوسٹیں ختم کرنا المیہ ہے، پی ٹی آئی رہنما

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما محمد رحیم کاکڑ نے محکمہ جنگلات کے حالیہ بھرتیوں کی منسوخی کی مذمت کرتے ہوئے بیان میں کہا ہے کہ تین ماہ ہوگئے ان ملازمین کو ڈیوٹی کرتے ہوئے اور سیکڑوں کی تعداد میں ملازمین نے محکمہ جنگلات کی مختلف پوسٹوں پر ٹیسٹ وانٹرویو پاس کیا، صوبے بھر میں سیکڑوں کی تعداد میں ملازمین نے اپنی جوائننگ رپورٹ جمع کرائی، تین ماہ (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

جنوبی افریقہ میں فائرنگ کے واقعے میں دو پاکستانی جاں بحق ہوگئے

اسلام آباد (جی این ایم) جنوبی افریقہ میں فائرنگ کے واقعے میں دو پاکستانی جاں بحق ہوگئے، ایک نوجوان کا تعلق منڈی بہاؤالدین جبکہ دوسرے کا تعلق لاہور سے بتایا جارہا ہے۔ منڈی بہاؤالدین کا سعادت بلہڑ جنوبی افریقہ میں اپنے ملازم رضوان کے ہمراہ اپنی موبائل شاپ بند کرکے گھر جارہا تھا کہ ملزمان نے جوہانسبرگ (باقی صفحہ 3 نمبر 29)



کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک اور ایم پی اے زرک خان مندوخیل ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد بڑیچ سے مشرقی بائی اور شہر کی صفائی کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں

سعودی عرب پر حملے اماراتی سلامتی و خوشحالی کیلئے خطرہ ہیں' مشیر اماراتی صدر

دبئی (جی این ایم) متحدہ عرب امارات کے صدر کے سفارتی مشیر ڈاکٹر انور قرقاش نے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حملے ہماری سلامتی اور خوش حالی کے لیے خطرہ ہیں۔ دبئی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ جنگ اور کشیدگی جاری رہنے کی صورت میں خطے کا مستقبل تعمیر نہیں کیا جا سکتا۔ ڈاکٹر انور قرقاش کا (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

کوئٹہ، سینئر صحافی نصیر احمد کی ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت سے ملاقات

کوئٹہ پولیس صحافی برادری کے ساتھ ہے، صحافیوں کا تحفظ اور باہمی تعاون کا فروغ اولین ترجیح ہے، ڈی آئی جی کوئٹہ

کوئٹہ (جی این ایم) سینئر صحافی نصیر احمد نے ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت سے ملاقات کی، جس میں گزشتہ دنوں پیش آنے والے واقعے سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور ڈی آئی جی کو تمام حقائق سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت نے سینئر صحافی کو یقین دلایا کہ اس پورے واقعے کی مکمل، شفاف (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

سینئر صحافی نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد قابلِ مذمت ہے، جے یو آئی ضلع کوئٹہ

صحافیوں کو آزادانہ ماحول فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، آزادیٔ صحافت پر حملہ کسی صورت قبول نہیں

کوئٹہ (جی این ایم) سینئر صحافی و یواین اے کے بیورو چیف نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد قابلِ مذمت ہے صحافیوں کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے تشدد میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات وامیر انجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی مولانا محمد طاہر (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

گنداخہ، کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف گنداخہ پریس کلب کا احتجاجی مظاہرہ

صحافیوں کو حق وسچ کی آواز بلند کرنے پر نشانہ بنانا ناقابلِ قبول ہے، صدر پریس کلب سلیم گوپانگ اور جنرل سیکرٹری نورحسن جمالی

گنداخہ (جی این ایم) کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم گوپانگ اور جنرل سیکرٹری نورحسن جمالی کی قیادت میں صحافیوں کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے نصیر احمد کاکڑ پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)



اوستا محمد۔ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی ویٹرنری اسپتال کی نقاب کشائی کر رہے ہیں

پاکستان کے عوام کی بدحالی کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، حافظ نعیم

حکومت عوام کو کوئی ریلیف دینے کو تیار نہیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے نے مشکل میں ڈال دیا ہے

پاکستان کے عوام کا مسئلہ کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں ہمارا مطالبہ ہے کہ لیوی ختم کی جائے اور عوام کو جینے دیا جائے' امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستان کے عوام کی بدحالی کسی بھی سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، حکومت جماعت اسلامی کے پرامن احتجاج کو ہلکا لیتی ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ حکومت عوام کو کوئی ریلیف دینے کو تیار نہیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے نے مشکل میں ڈال دیا ہے، پیکیج کے نام پر ریلیف دے کر عوام کو پٹرول پمپس پر لڑوایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اسرائیل کے ایران پر حملے کے بعد عالمی مارکیٹ میں تیل مہنگا ہوا، دیگر ممالک نے بھی پٹرولیم قیمتیں بڑھائیں، مگر پاکستان جتنا اضافہ نہیں ہوا، حکومت نے اپنے اہداف سے بھی زیادہ پٹرولیم لیوی وصول کرلی، عالمی مارکیٹ میں قیمتیں بڑھنے پر مزید کمانے کیلئے حکومت نے پٹرول (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

میر رضا کے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات کا معاملہ، اسٹیٹ بینک سے جواب طلب

ممکن ہے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات تفتیش میں معاون ثابت ہوں، تفتیشی حکام

کراچی (جی این ایم) سندھ ہائیکورٹ نے میر رضا کے بینک اکاؤنٹس اور ٹرانزیکشنز کی تفصیلات کے حصول کے لیے تفتیشی حکام کی درخواست پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے یکم اکتوبر تک جواب طلب کرلیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں میر رضا کے بینک اکائنٹس اور مالی لین دین کی تفصیلات حاصل کرنے سے متعلق تفتیشی حکام کی درخواست پر سماعت ہوئی، دوران سماعت (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

ایکسائز ایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کا نیا نظام متعارف

نظام کے تحت مخصوص فیکٹریوں اور گوداموں' پیداوار کی نگرانی ویڈیو اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کی جائے گی

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت نے ایکسائز ایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کا نظام متعارف کرا دیا۔ حکومت کی جانب سے ایکسائز ایبل اشیا کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کے نئے نظام کے تحت مخصوص فیکٹریوں اور گوداموں کی نگرانی کی جائے گی۔ پیداوار کی نگرانی ویڈیو اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کی جائے گی، ایف بی آر پیداوار کو حقیقی وقت میں مانیٹر (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

لاہور، چیئرنگ کراس پر جماعت اسلامی کا دھرنا ختم

لاہور (جی این ایم) پیٹرول کی قیمتوں میں کمی اور مہنگائی کیخلاف لاہور کے چیئرنگ کراس پر جماعت اسلامی کا دھرنا ختم کردیا گیا۔ 33 روز سے جاری دھرنا بغیر اعلان کے ختم کیا گیا ہے۔ ذرائع جماعت اسلامی کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

وندر، ساحلی علاقے سونمیانی میں پانی کا شدید بحران، مکینوں کا احتجاج، شاہراہ بند

چھ ماہ سے پانی کی فراہمی معطل ہے، مسائل حل نہ ہوئے تو دائرہ کار بڑھائیں گے، وڈیرہ سلیم کا کانی کی یقین دہانی پر احتجاج ختم

وندر (جی این ایم) ساحلی علاقے سونمیانی میں پینے کے پانی کا بحران شدت اختیار کرگیا 6 ماہ سے پانی کی عدم فراہمی کے خلاف علاقہ مکین سراپا احتجاج بن گئے مکینوں نے احتجاج کرتے ہوئے ساحلی علاقوں ڈام اور سونمیانی کو وندر سے ملانے والی اکلوتی اہم شاہراہ کو تمام تر آمدورفت کے لیے مکمل بند کردیا جس کے باعث شاہراہ کے دونوں اطراف چھوٹی بڑی گاڑیوں کی قطاریں (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

کسی کرنسی نوٹ کو بند یا تبدیل کرنے کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (جی این ایم) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے 10 روپے مالیت والے بینک نوٹ سے متعلق وضاحت کردی۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا کہنا ہے کہ کسی کرنسی نوٹ کو بند یا تبدیل کرنے کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

بابا کوٹ، دارالامان نصیرآباد کے فنڈز میں مبینہ بے ضابطگیوں اور ناقص تعمیراتی کام کی تحقیقات کا مطالبہ

مختص 50 لاکھ میں سے 30 لاکھ روپے لیپس ہونے کا انکشاف، غیر متعلقہ افراد کی مداخلت پر بھی تشویش کا اظہار، عوامی حلقے

بابا کوٹ (جی این ایم) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام دارالامان نصیرآباد ایک حساس نوعیت کی عمارت ہے، تاہم ذرائع کے مطابق یہاں غیرمتعلقہ افراد کی مبینہ انوالومنٹ اور تعمیراتی کاموں میں مبینہ بے ضابطگیوں کے حوالے سے مختلف سوالات سامنے آ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق جون 2025 میں دارالامان نصیرآباد میں تعمیراتی ومرمتی کام کرایا گیا، جس کی موجودہ صورتحال مبینہ طور پر منصوبے کے معیار اور تعمیراتی کارکردگی پر سوالیہ نشان بن گئی ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 31)



سربندن رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ سربندن میں فشنگ جیٹی مول کا افتتاح کر رہے ہیں، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمٰن خان بھی ان کے ہمراہ ہیں



کوئٹہ، رائیل آف براہوی چیف آف کلی اسماعیل میر شیر علی میروانی نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور ڈاکٹر لعل محمد کاکڑ سابق سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں